انا خاتم النبیین لا نبی بعدی

میں نبیوں میں سے آخری نبی ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں (الحدیث)

# شعور ختم نبوت

اور

# فتنۂ مرزائیت

باضافۂ جدیدہ

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوۃ

انا خاتم النبیین لا نبی بعدی

میں نبیوں میں سے آخری نبی ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں (الحدیث)

# شعور ختم نبوت

## اور

# فتنہ مرزائیت

## باضافہ جدیدہ

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوۃ

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب : شعور ختم نبوت

طبع : اشاعت پنجم جنوری 2025ء

تعداد : 5500

ناشر : عالمی مجلس تحفظ ختم نبوۃ

صوبائی رابطہ دفتر

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت مسجد قاسم علی خان قصہ خوانی پشاور

0333-9347034
0344-4345724

www.amtkn.com
www.emaktaba.info
*Email: ameer@khatm-e-nubuwwat.com*

# عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت
# کے نجوم ہدایت

بانی وامیر اول　امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری صاحب رحمۃ اللہ علیہ

امیر دوئم　حضرت مولانا قاضی احسان احمد شجاع آبادی رحمۃ اللہ علیہ

امیر سوئم　حضرت مولانا محمد علی جالندھری صاحب رحمۃ اللہ علیہ

امیر چہارم　حضرت مولانا لال حسین اختر صاحب رحمۃ اللہ علیہ

قائم مقام امیر　حضرت مولانا محمد حیات صاحب رحمۃ اللہ علیہ

امیر پنجم　حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوری صاحب رحمۃ اللہ علیہ

امیر ششم　حضرت مولانا خواجہ خان محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ

امیر ہفتم　حضرت مولانا عبدالمجید لدھیانوی صاحب رحمۃ اللہ علیہ

امیر ہشتم　حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب رحمۃ اللہ علیہ

امیر نہم　حضرت مولانا حافظ ناصر الدین خاکوانی صاحب دامت برکاتہم

**الحمد للہ!**

یوم تاسیس تا ایں دم ہر دور میں تحفظ ختم نبوت، تحفظ ناموس رسالت اور تعاقب قادیانیت کیلئے جو بھی تحریک چلائی گئی عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ مجلس عمل کے عنوان سے ساری قوم کو ایک پلیٹ فارم مہیا کیا اور ہر تحریک کی کامیابی کا ثمرہ اللہ نے عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کو عطا فرمایا۔ جس کے اثرات وطن عزیز میں بالخصوص اور دنیا کے پانچ براعظموں میں بالعموم آشکارا ہیں

ذٰلِکَ فَضْلُ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَشَآءُ

☆

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عقیدہ ختم نبوت دین اسلام کا بنیادی عقیدہ ہے، آقائے دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد نبوت کا دعویٰ کفر ہے اور ایسا دعویٰ کرنے والا اسی سلوک کا مستحق ہے جو حضرت فیروز دیلمی رضی اللہ عنہ اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے اسود عنسی اور مسیلمہ کذاب کے ساتھ کیا تھا۔ بلاشبہ امتِ مسلمہ نے کبھی کسی جھوٹے مدعی نبوت کو برداشت نہیں کیا

مگر مسلمانانِ ہندو پاک کی بدنصیبی کہ انیسویں صدی کی ابتدا میں مسیلمہ کذاب کے روحانی بیٹے اور جانشین مسیلمہ پنجاب مرزا غلام قادیانی نے دعویٰ نبوت کیا اور انگریزی اقتدار کی چھتری کے نیچے محفوظ رہا

اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے ہمارے اکابر علماء کرام کو، جنہوں نے اس وقت سے آج تک اس فتنہ کا برابر تعاقب جاری رکھا

پیش نظر رسالہ عزیز طلبہ اور مسلم بچوں اور بچیوں کو اس فتنہ سے آگاہی کے سلسلہ میں سوال و جواب کی شکل میں مرتب کیا گیا ہے، جو اپنی جگہ بہت ہی مفید ہے۔ امید ہے کہ مسلمان طلبہ اور نوجوان اس علمی اسلحہ سے لیس ہو کر عقیدہ ختم نبوت کا تحفظ اور مرزائیت کا رد کریں گے

قابل صد ستائش ہیں وہ احباب جنہوں نے اس رسالہ کو مرتب کرنے میں سعی کی ہے، خاص طور پر مولانا قاضی احسان احمد، جناب بھائی ندیم نواب صاحب، جناب بھائی محمد نعیم صاحب اور ان کے گرامی قدر دیگر رفقاء جو شب و روز عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کی فکر میں رہتے ہیں

اللہ رب العزت اس مختصر سے رسالہ کو اپنی بارگاہ میں قبول فرما کر حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت کا ذریعہ اور نئی نسل کے لئے نفع مند بنائے۔ آمین

اس رسالہ میں اگر خوبی ہے تو وہ رب کریم کی عطا ہے اور اگر اس میں کوئی نقص اور جھول ہے تو وہ ہماری کوتاہی کی وجہ سے ہے۔ امید ہے کہ قارئین کو اگر اس رسالہ میں کوئی کمی کوتاہی نظر آئے تو ضرور اس سے ہمیں مطلع فرما کر ممنون فرمائیں گے تا کہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی اصلاح کر دی جائے۔ حق تعالیٰ ہم سب کو اپنی رضا نصیب فرمائے۔ آمین

(حضرت مولانا) سعید احمد جلال پوری (شہید رحمۃ اللہ علیہ)

خاکپائے حضرت لدھیانوی شہید رحمۃ اللہ علیہ

دفتر ختم نبوت، کراچی

# فہرست


| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱ | عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کا تعارف........................ | 3 |
| ۲ | منصب نبوت........................ | 5 |
| ۳ | سیرت خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم........................ | 6 |
| ۴ | ختم نبوت........................ | 8 |
| ۵ | جھوٹے مدعیان نبوت........................ | 10 |
| ۶ | محبت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم........................ | 12 |
| ۷ | سیدنا عیسیٰ علیہ السلام........................ | 14 |
| ۸ | حضرت امام مہدی علیہ الرضوان........................ | 15 |
| ۹ | برصغیر میں تحفظ ختم نبوت اور مجلس تحفظ ختم نبوت........................ | 17 |
| ۱۰ | تحفظ ختم نبوت اور اکابر کی خدمات واقوال........................ | 18 |
| ۱۱ | صوبہ خیبر پختونخواہ میں عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت........................ | 21 |
| ۱۲ | تحفظ ختم نبوت کی تحاریک........................ | 23 |
| ۱۳ | تحریک تحفظ ختم نبوت 1953ء........................ | 23 |
| ۱۴ | تحریک تحفظ ختم نبوت 1974ء........................ | 24 |
| ۱۵ | تحریک تحفظ ختم نبوت 1984ء........................ | 25 |
| ۱۶ | قانونِ تحفظ ناموس رسالت........................ | 27 |
| ۱۷ | مرزا غلام قادیانی........................ | 29 |
| ۱۸ | حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں قادیانیوں کا عقیدہ...... | 33 |
| ۱۹ | مرزا غلام قادیانی اور حرمین شریفین........................ | 34 |
| ۲۰ | مرزا غلام قادیانی کی جھوٹی پیشنگوئیاں اور مباہلے........................ | 34 |
| ۲۱ | وطن عزیز پاکستان قادیانیوں کی نظر میں........................ | 36 |
| ۲۲ | عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی پرنٹ میڈیا اور الیکٹرانک میڈیا پر خدمات | 38 |

# عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کا تعارف

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ملت اسلامیہ کی بین الاقوامی مذہبی وملی اور تبلیغی اصلاحی جماعت ہے، جس کا مقصدِ وحید اسلامیانِ عالم کا اتفاق واتحاد، ناموسِ رسالت وختم نبوت کی پاسبانی اور منکرین ختم نبوت کا ردو تعاقب رہا ہے۔ قیام پاکستان کے بعد بانی مجلس وامیر اول خطیب العصر امیر شریعت حضرت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمہ اللہ نے تمام تر انتخابی سیاسی جھمیلوں سے الگ تھلگ ہوکر اپنے رفقاء سمیت دعوت اسلام، تبلیغ دین اور رد قادیانیت کے لئے زندگی وقف فرمادی اور اس پاکیزہ مقصد کے لئے "مجلس تحفظ ختم نبوت" کی بنیاد ڈالی

بحمد اللہ! ان کے اخلاص کی برکت سے مجلس کا فیضان چہار دانگ عالم میں دور دور تک پھیل چکا ہے، پاکستان اور دوسرے بہت سے اسلامی ممالک میں قادیانیوں کو مسلمانوں سے علیحدہ ایک "غیر مسلم" ٹولہ قرار دیا جاچکا ہے، وطن عزیز اور بیرونی ممالک کے بڑے بڑے شہروں میں مجلس کے دفاتر اور فاضل مبلغ کام کررہے ہیں

☆......عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ہر قسم کے سیاسی مناقشات سے علیحدہ ہے

☆......تبلیغ اسلام، اقامت دین خصوصاً عقیدۂ ختم نبوت کا تحفظ اس کا طرۂ امتیاز ہے

☆......عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر انتظام اندرون و بیرون ملک ۵۰ مراکز، ۱۲ دینی مدارس ہمہ وقت مصروف ہیں

☆......عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی دفتر ملتان میں دارالمبلغین، دارالتصنیف، جامع مسجد و مدرسہ اور چناب نگر میں دو عالی شان جامع مساجد اور مدارس کے ذریعے خدمتِ اسلام جاری ہے

☆......لاکھوں روپے کا دینی و اصلاحی لٹریچر دنیا کی مختلف زبانوں میں شائع کرا کے مفت تقسیم کیا جاتا ہے

☆......عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ہفت روزہ "ختم نبوت" کراچی اور ماہنامہ "لولاک" ملتان سے باقاعدہ شائع کررہی ہے۔ جن کی مفت مطالعہ اور نقل مواد کی سہولت مجلس پشاور سے انٹرنیٹ پر تمام دنیا کے لئے مہیا کرتی ہے

☆......مرکزی ویب سائٹ / www.khatm-e-nubuwwat.com

☆......ماہنامہ لولاک/ www.laulak.info

☆......ہفت روزہ ختم نبوت/ www.khatm-e-nubuwwat.info

☆......فیس بک/ www.facebook.com/amtkn313

☆......احتساب قادیانیت،قومی اسمبلی میں قادیانی مسئلہ پر بحث کی مصدقہ رپورٹ اور بے شمار کتب کے مطالعہ کے لئے www.emaktaba.info

☆......عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی انٹرنیٹ پر جملہ کاوشوں تک رسائی اس ویب پیج کے ذریعہ ممکن ہے www.amtkn.com

☆......رابطہ ای میل/ ameer@khatm-e-nubuwwat.com

☆......عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ہر سال دنیا کے بیشتر ممالک میں تبلیغ اسلام، تحفظ ناموس رسالت ﷺ اور عقیدۂ ختم نبوت کی سربلندی کیلئے تبلیغی اور اصلاحی دوروں اور کانفرنسوں کا اہتمام کرتی ہے جن میں برطانیہ، امریکہ اور افریقہ سرفہرست ہیں

☆......مالی (افریقہ) میں عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی مساعی سے اللہ کریم نے فضل فرمایا اور ۳۰ ہزار قادیانیوں نے قادیانیت کی ذلت سے تائب ہوکر اسلام قبول کیا ہے

☆......الحمد للہ! عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مثبت اور اصلاحی طرز دعوت وخدمت سے بیرون ملک اور وطن عزیز کے ہر شہر میں قادیانی و لاہوری ارتداد اور زندقہ ترک کرکے دامن اسلام میں پناہ لے رہے ہیں

..................☆..................

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# منصب نبوت

سوال 1: نبی کسے کہتے ہیں؟

جواب: اللہ تعالیٰ کا وہ منتخب بندہ جو انسانوں تک اللہ تعالیٰ کے احکام پہنچائے، اسے نبی کہتے ہیں

سوال 2: انبیاء کرام علیہم السلام کی تعداد کتنی ہے؟

جواب: انبیاء کرام علیہم السلام کی تعداد تقریباً ایک لاکھ چوبیس ہزار ہے

سوال 3: دنیا میں آنے والے پہلے اور آخری نبی کا نام بتایئے؟

جواب: پہلے نبی حضرت آدم علیہ السلام اور آخری نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔

سوال 4: تمام انبیاء کرام میں جلیل القدر اور خاص شان والے انبیاء کرام کی تعداد کتنی ہے؟ اور وہ کون کون ہیں؟

جواب: ان کی تعداد 5 ہے، جن کے اسمائے گرامی درجہ ذیل ہیں

۱:...... حضرت نوح علیہ السلام

۲:...... حضرت ابراہیم علیہ السلام

۳:...... حضرت موسیٰ علیہ السلام

۴:...... حضرت عیسیٰ علیہ السلام

۵:...... خاتم الانبیاء حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

سوال 5: آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے کون سے پیغمبر آئے تھے؟

جواب: حضرت عیسیٰ علیہ السلام جو بنی اسرائیل میں مبعوث ہوئے

سوال 6: کیا انبیاء کرام علیہم السلام اپنے پیغامات اور اللہ کے احکام میں تبدیلی کر سکتے ہیں؟

جواب: کسی نبی کو اختیار نہیں ہے کہ وہ اپنے پیغامات اور اللہ کے احکام میں تبدیلی کرے

سوال 7: نبی کے لئے عقل کامل کا ہونا کیوں ضروری ہے؟

جواب: نبی کے لئے عقل کامل کی ضرورت اس لئے ہے کہ نبی وحی الٰہی کے سمجھنے میں غلطی نہ کرے

سوال 8: نبی کے لئے حافظہ کا کامل ہونا کیوں ضروری ہے؟

جواب: اگر نبی کا حافظہ خراب ہو تو اس کو اللہ کی وحی بھی پوری یاد نہیں رہے گی، ایک لفظ کی کمی بیشی سے حکم خداوندی میں فرق آجائے گا جو بجائے ہدایت کے گمراہی کا سبب ہوگا

سوال9: کیا کوئی شخص اپنی کوشش، عبادت، ریاضت اور مجاہدہ وغیرہ سے نبی بن سکتا ہے؟ قرآنی نکتہ نظر سے بیان کریں؟

جواب: کوئی شخص اپنی کوشش سے نبی نہیں بن سکتا، قرآن کریم میں ارشاد ربانی ہے، جس کا ترجمہ ہے

"اللہ ہی بہتر جانتا ہے کہ وہ اپنی پیغمبری کسے سپرد کرے" (سورۃ الانعام/آیت 124)

سوال10: معروف ہندوستانی عالم دین مولانا محمد منظور نعمانیؒ نے سچے نبی کی کیا نشانیاں تحریر کی ہیں؟

جواب: ا:...... ہر نبی اپنے سے پہلے آنے والے انبیاء کرام کا احترام کرتا ہے

۲:...... نبی کسی حالت میں جھوٹ نہیں بولتا

۳:...... نبی کافر حکومت کی کاسہ لیسی (چاپلوسی) نہیں کرتا

۴:...... نبی کی کوئی پیشینگوئی غلط نہیں ہوتی

# سیرت خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم

سوال1: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت کہاں، کس ماہ اور کس دن ہوئی؟

جواب: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت مکہ مکرمہ میں قول صحیح کے مطابق ۹ ربیع الاول کے مہینہ میں پیر کے دن ہوئی

سوال2: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذاتی نام کتنے اور کون سے ہیں؟

جواب: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذاتی نام دو ہیں ا:...... محمد ﷺ ۲:...... احمد ﷺ

سوال3: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے والد محترم اور والدہ محترمہ کا نام کیا ہے؟

جواب: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے والد کا نام عبداللہ اور والدہ کا نام آمنہ ہے

سوال4: والد محترم کی طرف سے پانچویں پشت تک آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا سلسلۂ نسب کیا ہے؟

جواب: سیدنا محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبدِمناف بن قصی

سوال5: والدہ محترمہ کی طرف سے پانچویں پشت تک آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا سلسلۂ نسب کیا ہے؟

جواب: سیدنا محمد بن آمنہ بنت وہب بن عبدمناف بن زہرہ بن کلاب بن مرۃ

سوال6: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا پہلا نکاح کب اور کس سے ہوا؟

جواب: پچیس برس کی عمر میں حضرت خدیجہ بنت خویلد رضی اللہ عنہا سے ہوا

سوال7: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواجِ مطہرات کی تعداد کتنی ہے؟ اوران کے اسماء گرامی کیا ہیں؟

جواب: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواجِ مطہرات رضی اللہ عنھُنَّ کی تعداد گیارہ ہے اوران کے اسماء گرامی یہ ہیں

ا:...... حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا
۲:...... حضرت سَودہ رضی اللہ عنہا
۳:...... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا
۴:...... حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا
۵:...... حضرت زینب بنت خذیمہ رضی اللہ عنہا
۶:...... حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا
۷:...... حضرت زینب بنت جَحش رضی اللہ عنہا
۸:...... حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا
۹:...... حضرت اُمّ حبیبہ رضی اللہ عنہا
۱۰:...... حضرت صفیّہ رضی اللہ عنہا
۱۱:...... حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا

سوال8: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی کتنی ازواج تھیں؟

جواب: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نو(9) ازواج حیات تھیں

سوال9: قرآن کریم میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواجِ مطہرات کے لئے کیا لقب استعمال ہوا ہے؟

جواب: امہات المومنین

سوال10: قرآن پاک کی کس آیت مبارکہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی گھر والیوں کواہلِ بیت کے نام سے یاد کیا گیا ہے؟

جواب: سورۂ احزاب آیت نمبر 33 / ترجمہ: اوراپنے گھروں میں بیٹھی رہواور گزشتہ زمانہ جاہلیت کی طرح بناؤ سنگھار دکھاتی نہ پھرواور نماز پڑھواور زکوۃ دواور اللہ اوراس کے رسول کی فرمانبرداری کرواللہ یہی چاہتا ہے کہ اے اس گھر والوں تم سے ناپاکی دور کرے اور تمہیں خوب پاک کرے

سوال11: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بیٹوں اور بیٹیوں کی تعداداور نام بتائیں؟

جواب: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے تین بیٹے اور چار بیٹیاں ہیں؟ بیٹوں کے نام درجہ ذیل ہیں

ا: حضرت قاسم رضی اللہ عنہ ۲: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ۳: حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ

بیٹیوں کے نام درجہ ذیل ہیں

ا: حضرت زینب رضی اللہ عنہا
۲: حضرت رُقیّہ رضی اللہ عنہا
۳: حضرت اُمّ کلثوم رضی اللہ عنہا
۴: حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا

سوال12: قادیانی یہ مندرجہ ذیل اصطلاحات کن کے لئے استعمال کرتے ہیں؟

ا:......امہات المومنین ۲:......اہل بیت ۳:......رضی اللہ عنہ

جواب: بالترتیب ا: مرزا قادیانی کی بیوی ۲: مرزا قادیانی کا خاندان ۳: مرزا قادیانی کے ساتھی

سوال13: ہجرت کسے کہتے ہیں؟

جواب: اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر اپنے وطن کو چھوڑنا ہجرت کہلاتا ہے

سوال14: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کس شہر کی طرف ہجرت فرمائی؟

جواب: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ کی طرف ہجرت فرمائی

سوال15: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کب ہوئی؟

جواب: ۱۲ ربیع الاوّل 11 ہجری بروز پیر

سوال16: وفات کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر مبارک کتنی تھی؟

جواب: وفات کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر مبارک تریسٹھ (63) سال تھی

سوال17: خلفاء راشدین کی تعداد کتنی ہے اور خلافت کی ترتیب کے اعتبار سے ان کے نام بتائیں؟

جواب: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلفاء راشدین کی تعداد چار (4) ہے اور ترتیب یہ ہے:

ا: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ۲: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ

۳: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ ۴: حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ

سوال18: صحابی کسے کہتے ہیں؟

جواب: وہ خوش نصیب اور بابرکت فرد جس نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت ایمان کی حالت میں حاصل کی ہو اور ایمان کی حالت میں ہی وفات پائی ہو

# ختم نبوت

سوال1: عقیدۂ ختم نبوت سے کیا مراد ہے؟

جواب: عقیدۂ ختم نبوت سے مراد ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہی اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کسی قسم کا کوئی اور نبی پیدا نہیں ہوگا

سوال2: قرآن پاک میں ایسی کتنی آیات ہیں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے آخری نبی ہونے پر دلالت کرتی ہیں؟

جواب: تقریباً 100 آیات مبارکہ

سوال3: قرآن کریم کی کم از کم ایسی دو آیات سنایئے جن سے عقیدۂ ختم نبوت ثابت ہو؟

جواب: ا: وَالَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْکَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِکَ وَبِالْاٰخِرَۃِ هُمْ یُوْقِنُوْنَ (البقرہ:4)

ترجمہ: اور وہ لوگ جو ایمان لائے اس پر کہ جو کچھ نازل ہوا تیری طرف اور اس پر کہ جو کچھ نازل ہوا تجھ سے پہلے اور آخرت کو وہ یقینی جانتے ہیں

۲: مَا کَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِکُمْ وَلٰکِنْ رَّسُوْلَ اللّٰہِ وَخَاتَمَ النَّبِیّٖنَ (الاحزاب:40)

ترجمہ: محمد صلی اللہ علیہ وسلم تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں، لیکن اللہ کے رسول ہیں اور خاتم النبیین ہیں

۳: قُلْ یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ اِلَیْکُمْ جَمِیْعًا (الاعراف: 158)

ترجمہ: آپ کہہ دیجئے کہ اے لوگو! میں تم سب کی طرف اللہ کا رسول ہوں

سوال4: کتنی احادیث مبارکہ سے عقیدۂ ختم نبوت ثابت ہوتا ہے؟

جواب: 210 احادیث مبارکہ سے زائد

سوال5: کم از کم دو ایسی احادیث سنائیں جن میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے آخری نبی ہونے کا بیان ہو؟

جواب: ا: اِنَّ الرِّسَالَۃَ وَالنُّبُوَّۃَ قَدِ انْقَطَعَتْ فَلَا رَسُوْلَ بَعْدِیْ وَلَا نَبِیَّ (ترمذی، ج:2،ص:51)

ترجمہ: بے شک رسالت اور نبوت کا سلسلہ منقطع ہوگیا، پس میرے بعد نہ کوئی رسول ہوگا اور نہ نبی

۲: اَنَا خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ (ترمذی، ج:2،ص:45)

ترجمہ: میں خاتم النبیین (یعنی اللہ کا آخری نبی) ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں

۳: اِنَّہٗ سَیَکُوْنُ فِیْ اُمَّتِیْ ثَلَاثُوْنَ کَذَّابُوْنَ کُلُّهُمْ یَزْعَمُ اَنَّہٗ نَبِیٌّ اَنَا خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ (ابوداؤد، ج:2،ص: 228)

ترجمہ: آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قریب ہے میری امت میں 30 کذاب (جھوٹے) پیدا ہوں گے، جن میں سے ہر ایک یہ کہے گا کہ وہ نبی ہے، حالانکہ میں خاتم النبیین ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں ہوسکتا

سوال6: قادیانی لفظ خاتم النبیین سے کس طرح دھوکا دیتے ہیں؟

جواب: قادیانی مسلمانوں کو دھوکا دینے کے لئے کہتے ہیں کہ ہم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو خاتم النبیین

مانتے ہیں جبکہ اس کا مفہوم یہ لیتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مہر سے نبی بنتے ہیں اور مرزا قادیانی اسی طرح نبی بنا (نعوذ باللہ)

سوال 7: لفظ خاتم النبیین کا صحیح معنی کیا ہے؟

جواب: خاتم النبیین کا صحیح معنی یہ ہے کہ ہمارے نبی حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد تا قیامت کسی قسم کا کوئی نبی پیدا نہیں ہوگا

# جھوٹے مدعیانِ نبوت

سوال 1: اب تک دنیا میں کتنے مشہور و معروف جھوٹے مدعیانِ نبوت آ چکے ہیں؟

جواب: تقریباً 22 یا 23

سوال 2: جھوٹے مدعی نبوت مسیلمہ کذاب کی سرکوبی کے لئے لڑے گئے معرکہ کا نام بتائیے؟

جواب: جنگ یمامہ

سوال 3: آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد کفر اور اسلام کے درمیان سب سے پہلی جنگ "جنگ یمامہ" کہلاتی ہے، جو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے زمانۂ خلافت میں ہوئی بتائیے! یہ جنگ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے کتنے عرصے بعد ہوئی؟

جواب: تقریباً پانچ ماہ بعد

سوال 4: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں توحید کو پھیلانے اور کفر و شرک کو مٹانے کے لئے جتنی جنگیں لڑی گئیں، ان میں کُل کتنے صحابہ کرام شہید ہوئے؟

جواب: تقریباً 259 صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین شہید ہوئے

سوال 5: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے زمانۂ خلافت میں جھوٹے مدعی نبوت مسیلمہ کذاب اور اس کے ہم خیال منکرین ختم نبوت کی سرکوبی کے لئے جو جنگ لڑی گئی اس میں کتنے صحابہ کرامؓ اور تابعین عظام شہید ہوئے؟

جواب: 1200 صحابہ کرامؓ اور تابعینؒ شہید ہوئے، جن میں 700 حافظِ قرآن اور 70 بدری صحابہؓ تھے

سوال 6: مسیلمہ کذاب کو کس صحابی نے واصل جہنم کیا؟

جواب: حضرت وحشی بن حرب رضی اللہ عنہ نے

سوال 7: امت مسلمہ کا سب سے پہلا اجماع (اتفاق) کس مسئلہ پر ہوا تھا؟

جواب: عقیدۂ ختم نبوت کی حفاظت کے لئے جھوٹے مدعی نبوت مسیلمہ کذاب کے خلاف جہاد پر

سوال 8: گستاخ رسول کی شرعی سزا جو قرآن وسنت اور اسوہ صحابہ کرامؓ سے ثابت ہے وہ کیا ہے؟

جواب: گستاخ رسول کی شرعی سزا صرف اور صرف قتل ہی ہے اور یہ کام حکومتِ وقت کا ہے

سوال 9: جھوٹی مدعیہ نبوت کا نام بتائیں؟

جواب: سجاح بنت حارث

سوال 10: مسیلمہ کذاب کو کذاب کیوں کہا جاتا ہے، جبکہ اس کا مکمل نام "مسیلمہ بن ثمامہ" تھا؟

جواب: مسیلمہ کذاب نے اپنے آپ کو ''مسیلمہ رسول اللہ'' لکھا تھا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب کیا تھا، جس کے جواب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے "مسیلمہ کذاب" لکھا تھا، اس وقت سے اس کا نام مسیلمہ کذاب مشہور ہو گیا اور کذاب کہتے ہیں: سب سے بڑا جھوٹا

سوال 11: کفار کی کتنی اقسام ہیں؟

جواب: یوں تو کفار کی بہت سی قسمیں ہیں، مگر تین اقسام بالکل ظاہر ہیں اور وہ ہیں: کافر، منافق، زندیق

سوال 12: کافر، منافق اور زندیق کی کیا تعریف ہے؟

جواب: کافر: اسے کہتے ہیں جو اسلام، اللہ کے رسول اور اللہ کی کتاب کا کھلم کھلا انکار کرے اور ان کی مخالفت کرے

منافق: اسے کہتے ہیں جو دل سے دین اسلام کا مخالف و دشمن ہو، مگر زبان سے اسلام کا اقرار کر کے مسلمانوں کو دھوکا دے

زندیق: اسے کہتے ہیں جو اپنے کفر کو اسلام اور اسلام کو کفر کہے، جس طرح قادیانی

سوال 13: سورۃ الصّف میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کس نام سے کیا گیا ہے؟ نیز یہ بھی بتائیں کہ اس نام سے قادیانی کیا مراد لیتے ہیں؟

جواب: سورۃ الصّف میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر "احمد" کے نام سے کیا گیا ہے، جبکہ قادیانی مسلمانوں کو دھوکا دینے کے لئے اس "احمد" سے مراد غلام احمد قادیانی لیتے ہیں

سوال 14: قادیانیوں اور دوسرے کافروں کے درمیان کیا فرق ہے؟

جواب: یہودی، عیسائی، ہندو وغیرہ یہ عام کافر ہیں، جو اپنے مذہب کی تشہیر یہودیت، عیسائیت اور ہندومت سے کرتے ہیں، جبکہ قادیانی اپنے کفر پر اسلام کا لیبل لگا کر قادیانیت کو اسلام اور اسلام کو کفر کہتے ہیں، لہٰذا قادیانی عام کافر نہیں بلکہ زندیق ہیں

# محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم

سوال 1: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حقوق کے بارے میں قرآن مجید کا حکم کیا ہے؟

جواب: لِتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ (الفتح:9)

ترجمہ: اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ، اس کی مدد کرو اور اس کی عزت و تعظیم کرو

سوال 2: حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت عین ایمان ہے، کیا آپ عربی میں وہ حدیث بتا سکتے ہیں جس میں اس کا بیان ہے؟

جواب: جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے! لا یُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتّٰى أَكُوْنَ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ وَّالِدِهٖ وَوَلَدِهٖ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ (بخاری ج:1،ص:12)

ترجمہ: تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک مومن نہیں ہوسکتا جب تک کہ وہ اپنے ماں، باپ، اولاد اور تمام انسانوں سے زیادہ مجھ سے محبت نہ کرے

سوال 3: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ عاشق رسول تھے، علامہ اقبالؒ نے غزوۂ تبوک کے موقع پر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے فکری وروحانی عشق کو ایک شعر میں بیان کیا ہے، کیا آپ یہ شعر بتا سکتے ہیں؟

جواب: پروانے کو چراغ ہے بلبل کو پھول بس
صدیق کے لئے ہے خدا کا رسول بس

سوال 4: عبداللہ بن ابی منافق کو کس عاشق رسول نے غزوۂ بنی مصطلق سے واپسی کے بعد مدینہ میں داخلہ سے روک دیا تھا اور شرط لگائی تھی کہ پہلے وہ یہ اقرار کرے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم معزز ہیں اور میں ذلیل ہوں؟

جواب: عبداللہ بن ابی کے بیٹے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے جو مسلمان ہو چکے تھے

سوال 5: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دورِ نبوت کے آغاز کا واقعہ ہے کہ جب کافر حرم میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو نقصان پہنچانا چاہتے تھے مگر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ آڑے آ گئے جس پر کافروں نے انہیں مار مار کر بے ہوش کر دیا، ہوش میں آتے ہی انہوں نے اپنے گھر والوں سے پہلا سوال کیا کیا؟

جواب: بتائیے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کیسے ہیں، مجھے ان کے پاس لے چلو

سوال6: اس عاشقۂ رسول کا نام بتائیے کہ غزوۂ احد میں جس کے خاندان کے چار عزیز ترین افراد کی شہادت کی اطلاع ایک ایک کر کے دی گئی مگر وہ خاتون ہر مرتبہ یہی پوچھتی رہی، مجھے بتاؤ! حضور صلی اللہ علیہ وسلم کیسے ہیں؟

جواب: اس خاتون کا نام حضرت ام عمارہ رضی اللہ عنہا ہے

سوال7: بتائیے کس عاشق رسول تابعی کو مدعی نبوت اسود عنسی نے آگ کے جلتے الاؤ میں پھینک دیا، مگر آپ ختم نبوت اور ناموسِ رسالت کی حفاظت کی برکت سے محفوظ رہے اور زندہ سلامت آگ سے باہر تشریف لائے؟

جواب: حضرت ابومسلم خولانی عبداللہ بن ثوبؒ کو

سوال8: اس عظیم صحابی عاشق رسول کا نام بتائیے جن سے مسیلمہ کذاب نے اپنی نبوت کا اقرار کروانا چاہا مگر ہر مرتبہ ان کے انکار کرنے پر ان کے جسم کا ایک ایک حصہ کاٹتا رہا، حتی کہ آپ شہید ہو گئے؟

جواب: حضرت حبیب بن زید رضی اللہ عنہ

سوال9: کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ غارِ ثور میں کس عاشق رسول صحابی نے اپنے آپ کو سانپ سے ڈسوالیا، مگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بے آرام نہ کیا؟

جواب: خلیفۂ اول حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

سوال10: مشہور گستاخ رسول ابوجہل کو کن عاشقانِ رسول نے واصل جہنم کیا تھا؟

جواب: حضرت معاذ اور حضرت معوذ رضی اللہ عنہما دونوں نوعمر انصاری بھائیوں نے زخمی کر کے گرایا اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے اس کا سر کاٹا تھا

سوال11: غازی علم الدین شہیدؒ کی نماز جنازہ کس عالم دین نے پڑھائی؟

جواب: مولانا شمس الدین خطیب جامع مسجد وزیر خان لاہور

سوال12: غازی علم الدین شہیدؒ کی نماز جنازہ میں کتنے افراد نے شرکت کی؟

جواب: محتاط اندازے کے مطابق 6 لاکھ افراد نے شرکت کی

سوال13: مشہور عاشق رسول مولانا شمس الدین سابق ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی کی شہادت اور دفن کے موقع پر ایک خاص واقعہ پیش آیا، بتائیے وہ واقعہ کیا تھا؟

جواب: شہادت کے وقت ان کے خون سے خوشبو آ رہی تھی، جن کے ہاتھوں کو وہ خون لگ گیا ان کے ہاتھوں سے کئی دن تک خوشبو آتی رہی، دفن کے وقت آپ کی قبر پر عجیب وغریب مہک والے پھولوں کی برسات ہوتی رہی

# سیّدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام

سوال 1: کیا دنیا میں قیامت سے پہلے کوئی نبی دوبارہ تشریف لائیں گے؟

جواب: جی ہاں! قیامت سے پہلے حضرت عیسیٰ علیہ السلام دوبارہ دنیا میں تشریف لائیں گے

سوال 2: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق مسلمانوں کا کیا عقیدہ ہے؟

جواب: قرآن وسنت کی روشنی میں مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے آسمانوں پر زندہ اٹھالیا اور قیامت سے پہلے آپ دنیا میں دوبارہ تشریف لائیں گے۔

سوال 3: نزول کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام دنیا میں کتنی مدت رہیں گے؟

جواب: 40 سے 45 سال تک

سوال 4: حضرت عیسیٰ علیہ السلام دوبارہ دنیا میں کس حیثیت سے تشریف لائیں گے؟

جواب: حضرت عیسیٰ علیہ السلام، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے امتی کی حیثیت سے دنیا میں تشریف لائیں گے، فیصلے قرآن وسنت کے مطابق فرمائیں گے اور دین اسلام پھیلائیں گے

(تحفہ قادیانیت، ج:1،ص: 712)

سوال 5: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کہاں تشریف لائیں گے، یعنی ان کا نزول کہاں ہوگا؟

جواب: ملک شام میں دمشق کی جامع مسجد کی مشرقی سمت میں سفید مینارے کے پاس ہوگا

سوال 6: حضرت عیسیٰ علیہ السلام جب دنیا میں دوبارہ تشریف لائیں گے تو وفات کے بعد ان کی تدفین کہاں ہوگی؟

جواب: حدیث کی رو سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تدفین حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے روضۂ اطہر میں ہوگی

سوال 7: سیّدنا عیسیٰ علیہ السلام کی دس اہم نشانیاں بتائیں؟

جواب: سیّدنا عیسیٰ علیہ السلام کی دس اہم نشانیاں مندرجہ ذیل ہے:

۱:......حضرت مریم کے بطن مبارک سے صرف حضرت جبرائیل کی پھونک سے پیدا ہوئے پھر/۲:......بنی اسرائیل کے نبی ورسول بن کر مبعوث ہوئے/۳:......یہود نے ان سے بغض وعداوت کا معاملہ کیا/۴:......عیسیٰ علیہ السلام کے قتل کی مذموم کوشش کی/۵:/اللہ کے حکم سے فرشتے سیّدنا عیسیٰ علیہ السلام کو اٹھا کر زندہ سلامت آسمان پر لے گئے/۶:......اللہ تعالیٰ نے ان کو طویل عمر عطا فرمادی/۷:قرب قیامت میں جب

دجال کا خروج ہوگا اور وہ دنیا میں فتنہ وفساد پھیلائے گا تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام قیامت کی ایک بڑی علامت کے طور پر نازل ہوں گے/۸:...... دجال کو قتل کریں گے/۹:...... دنیا میں آپ کا نزول ایک امام عادل اور حضور ﷺ کے امتی ہونے کی حیثیت سے ہوگا اور اس امت میں آپ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلیفہ ہوں گے/۱۰:...... قرآن وحدیث (اسلامی شریعت) پر خود بھی عمل کریں گے اور لوگوں کو بھی اس پر چلائیں گے/۱۱:...... ان کے زمانہ میں (جو اس امت کا آخری دور ہوگا) اسلام کے سوا دنیا کے تمام مذاہب مٹ جائیں گے اور دنیا میں کوئی کافر نہیں رہے گا/۱۲:...... دوبارہ دنیا میں آنے کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام نکاح بھی فرمائیں گے/۱۳:...... آپؑ کی اولاد بھی ہوگی/۱۴:...... پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی وفات ہوجائے گی/۱۵:...... مسلمان آپ کی نماز جنازہ پڑھیں گے/۱۶:...... آپ (سیّدنا عیسیٰ علیہ السلام) کو روضہ اقدس میں دفن کریں گے۔ یہ تمام امور احادیث صحیحہ متواترہ میں پوری وضاحت کے ساتھ بیان کئے گئے ہیں، جن کی تعداد ایک سوبیس سے متجاوز ہے

(تفصیل کے لئے دیکھئے علاماتِ قیامت اور نزول مسیح)

# حضرت امام مهدی علیہ الرضوان

سوال 1: کیا مہدی اور مسیح ایک ہی شخصیت کے دو نام ہیں؟

جواب: جی نہیں! یہ دو مختلف شخصیتیں ہیں، حضرت مہدی علیہ الرضوان حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی آل میں سے پیدا ہونے والے ایک مردِ حق کا نام ہے اور مسیح حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو کہتے ہیں جو ایک دفعہ آئے اور پھر زندہ آسمان پر اٹھا لئے گئے اور دوبارہ قیامت کے قریب دنیا میں آئیں گے

سوال 2: حدیث نبوی کی رو سے مہدی علیہ الرضوان اور مسیح علیہ السلام میں سے کون پہلے ہوگا؟

جواب: حضرت مہدی علیہ الرضوان پہلے ہوں گے، ان کے بعد سیّدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام نزول فرمائیں گے

سوال 3: حضرت مہدی علیہ الرضوان اور آپ کے والد کا نام کیا ہوگا؟

جواب: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مہدی علیہ الرضوان کا نام میرے نام پر "محمد" اور ان کے والد کا نام میرے والد کے نام پر "عبداللہ" ہوگا اور آپ حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کی اولاد میں سے ہوں گے

سوال4: حضرت مہدی علیہ الرضوان کی حدیث نبوی سے چند نشانیاں بتائیں؟

جواب: ا:......مسلمانوں کے خلیفہ کی وفات کے بعد نئے خلیفہ کے انتخاب پر اختلاف رائے ہوجائے گا

۲:......حضرت امام مہدی علیہ الرضوان مدینہ منورہ چھوڑ کر مکہ مکرمہ کی طرف ہجرت کر جائیں گے

۳:......آپ کے والد کا نام "عبداللہ" آپ کا نام "محمد" اور لقب "مہدی" ہوگا

۴:......آپ کا سلسلہ نسب حضرت امام حسن اور حسین رضی اللہ عنہما کی طرف سے حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا تک پہنچے گا

5:...... جب آپ مدینہ سے ہجرت کر کے مکہ آجائیں گے تو دوران طواف لوگ آپ کو پہچان لیں گے اور بیعت کی درخواست کریں گے

۶:......آپ کے انکار کے باوجود لوگ آپ کی بیعت کریں گے، مجبوراً آپ حرم شریف میں مقامِ ابراہیم اور حجر اسود کے درمیان لوگوں سے بیعت لیں گے

۷:......آپ کی بیعت کی شہرت پوری دنیا میں پھیلے گی اور ملک شام وعراق کے ابدال آپ کی بیعت کرنے چلے آئیں گے

۸:......آپ سات سال تک حکومت کریں گے

۹:......آپ کے زمانہ میں پوری دنیا میں اسلام پھیل جائے گا اور لوگ مال دار ہوجائیں گے، کوئی زکوٰۃ لینے والا نہ مل سکے گا

۱۰:......آپ کے زمانے میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول ہوگا

۱۱:......حضرت مہدی ہی کے زمانہ میں دجال کا فتنہ اٹھے گا

سوال5: حدیث نبوی کے مطابق جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول ہوگا تو حضرت مہدی علیہ الرضوان ایک مسجد میں نماز کی امامت کے لئے کھڑے ہوچکے ہوں گے، بتائیے کس مسجد میں؟

جواب: دمشق کی جامع مسجد میں، اسی مسجد کے سفید مشرقی مینارہ کے قریب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول ہوگا

سوال6: بتائیے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کے بعد حضرت مہدی اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام میں سے کون نماز فجر کی امامت کرے گا؟

جواب: حضرت مہدی علیہ الرضوان، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کے بعد نماز فجر کی امامت کریں گے

سوال 7: مرزا قادیانی نے جہاں مستقل نبوت کا دعویٰ کیا تھا، وہیں مہدی ہونے کا بھی دعویٰ کیا تھا، کیا مرزا قادیانی اپنے اس دعویٰ میں سچا تھا؟

جواب: نہیں! مرزا قادیانی کا یہ دعویٰ بھی جھوٹا تھا، کوئی ایک علامت بھی مرزا قادیانی میں نہیں پائی جاتی، حضرت مہدی کا نام محمد، مرزے کا نام غلام احمد، حضرت مہدی کے والد کا نام عبداللہ، مرزا قادیانی کے باپ کا نام غلام مرتضیٰ، حضرت مہدی مکہ مکرمہ جائیں گے، مرزا قادیانی کبھی بھی مکہ مکرمہ نہ جاسکا

# برصغیر میں تحفظِ ختم نبوت اور مجلس تحفظِ ختم نبوت

سوال 1: پیر مہر علی شاہؒ کب حج کے لئے تشریف لے گئے، جہاں آپ کے پیر و مرشد حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ نے آپ کو بعد از حج جلد از جلد وطن واپسی کا حکم دیا تا کہ عنقریب ظاہر ہونے والے مرزا قادیانی کے فتنہ کا مقابلہ کرسکیں؟

جواب: 1890ء میں

سوال 2: ہندوستان کے شہر قادیان میں پہلی ختم نبوت کانفرنس کب منعقد ہوئی؟

جواب: ۲۰/۲۱/۲۲ اکتوبر ۱۹۳۴ء (تحریک ختم نبوت ۱۹۵۳ء)

سوال 3: تحفظ ختم نبوت کے لئے قادیان میں سب سے پہلے کس عالم دین کو بطور مبلغ مقرر کیا گیا؟

جواب: مولانا عنایت علی چشتیؒ کو (تحریک ختم نبوت ۱۹۵۳ء)

سوال 4: مجلس تحفظ ختم نبوت کی بنیاد کب رکھی گئی؟

جواب: جنوری 1949ء میں (کاروانِ احرار، ج:۵، ص:۱۳)

سوال 5: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے دار المبلغین کے سب سے پہلے استاذ کون مقرر ہوئے؟

جواب: فاتح قادیان حضرت مولانا محمد حیات رحمۃ اللہ علیہ (تحریک ختم نبوت ۱۹۵۳ء)

سوال 6: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے پہلے امیر کا نام بتایئے؟

جواب: حضرت مولانا سیّد عطاء اللہ شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ

سوال 7: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے چھٹے (6) امیر کا نام بتائیں؟

جواب: حضرت مولانا خواجہ خان محمد رحمۃ اللہ علیہ

سوال8: مفکرِ ختم نبوت کس مشہور عالم دین کو کہا جاتا ہے؟

جواب: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے تیسرے امیر حضرت مولانا محمد علی جالندھریؒ کو

سوال9: بابائے تحریک ختم نبوت کس شخصیت کو کہا جاتا ہے؟

جواب: مولانا تاج محمودؒ صاحب کو

سوال10: کس مشہور عالم دین اور مجاہد ختم نبوت کو فاتح چناب نگر کہا جاتا ہے؟

جواب: مولانا اللہ وسایا دامت برکاتہم العالیہ کو

سوال11: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے موجودہ امیر کا نام بتایئے؟

جواب: حضرت مولانا حافظ محمد ناصر الدین خاکوانی صاحب

سوال12: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے موجودہ ناظم اعلیٰ کا نام بتائیں؟

جواب: حضرت مولانا عزیز الرحمٰن جالندھری مدظلہ

سوال13: لندن میں پہلی سالانہ ختم نبوت کانفرنس کب منعقد ہوئی؟

جواب: ۴/ اگست ۱۹۸۵ء کو منعقد ہوئی

سوال14: لندن میں پہلی سالانہ ختم نبوت کانفرنس کا اہتمام کس جماعت نے کیا؟

جواب: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت نے

سوال15: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کا ہفت روزہ ختم نبوت رسالہ کہاں سے شائع ہوتا ہے؟

جواب: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کراچی کے دفتر سے

(جامع مسجد باب الرحمت ٹرسٹ، پرانی نمائش، ایم اے جناح روڈ، کراچی)

سوال16: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت پاکستان کا ترجمان ماہنامہ "لولاک" کہاں سے شائع ہوتا ہے، مکمل پتہ بتائیں؟

جواب: مرکزی دفتر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت، حضوری باغ روڈ، ملتان، پاکستان

# تحفظِ ختم نبوت اور اَکابر کی خدمات واقوال

سوال1: یہ قول کس بزرگ ہستی کا ہے؟ کہ "اگر ہم ختم نبوت کا کام نہ کریں تو گلی کا کتا بھی ہم سے اچھا ہے"

جواب: حضرت علامہ سیّد محمد انور شاہ کشمیریؒ کا

سوال2: علامہ سیّد محمد انور شاہ کشمیریؒ نے ختم نبوت کے موضوع پر کون سی کتاب لکھی تھی؟

جواب: خاتم النبیین

سوال3: مولانا لال حسین اخترؒ نے کب قادیانیت کو ترک کر کے اسلام قبول کیا؟

جواب: یکم جنوری 1932ء کو

سوال4: مولانا لال حسین اخترؒ کی قادیانیت چھوڑنے کی وجہ کیا تھی؟

جواب: انہوں نے مرزا قادیانی کو خواب میں خنزیر کی شکل میں دیکھا تھا

سوال5: "مرزا قادیانی تاویل کی قینچی سے میری احادیث کو کُتر رہا ہے" بتایئے! مرزا قادیانی کے متعلق درج ذیل الفاظ نبی ﷺ نے کس بزرگ شخصیت سے فرمائے تھے؟

جواب: سرکار دو عالم ﷺ نے حضرت پیر مہر علی شاہ گولڑویؒ سے خواب میں یہ الفاظ ارشاد فرمائے

سوال6: "قادیانی جماعت کا سربراہ، مرزا قادیانی ملعون کا طوق غلامی اتار کر مسلمان بن کر آئے تو دل و جان سے ان کی مہمانداری کریں گے" بتایئے! درج بالا الفاظ کس نے کہے ہیں؟

جواب: شاہ فہد بن عبدالعزیزؒ کا سوئٹزرلینڈ کی قادیانی ایسوسی ایشن کو جواب، جس نے شاہ فہد کو قادیانی سربراہ کے لئے سرکاری طور پر حج کی ادائیگی کے لئے درخواست دی تھی

سوال7: "جہاں تک مرزا قادیانی کا تعلق ہے، اس کو ایک بار نہیں ہزار بار دجال کہیں گے" بتایئے مرزا قادیانی کے متعلق درج ذیل الفاظ کس نے کہے ہیں؟

جواب: مولانا ظفر علی خان مرحوم نے

سوال8: ختم نبوت اور ردِ قادیانیت پر لٹریچر کے مطالعہ، تحریر اور تشہیر کے سلسلے میں مولانا محمد علی مونگیریؒ نے کیا فرمایا؟

جواب: حضرتؒ نے فرمایا: "فتنہ قادیانیت کے استیصال کے لئے اتنا لکھو، اتنا طبع کراؤ اور اتنا تقسیم کرو کہ ہر مسلمان جب سو کر اٹھے تو اس کے سرہانے ردِ قادیانیت کی کتاب موجود ہو"

سوال9: مرزائیت کے کردار کے بارے میں علامہ اقبال مرحوم نے پنڈت جواہر لعل نہرو کو کیا مختصر اور مدلل جواب دیا تھا؟

جواب: علامہ اقبال نے فرمایا: "میں اپنے ذہن میں اس امر سے متعلق کوئی شبہ نہیں پاتا کہ قادیانی اسلام اور ہندوستان دونوں کے غدار ہیں"

سوال10: بتائیے! مرزا قادیانی کے بارے میں یہ رائے کس دینی وعلمی شخصیت نے دی تھی کہ "مرزا قادیانی کی شخصی زندگی ایسی ہے کہ اس کا ذکر کرنا بھی باعث شرم ہے"؟

جواب: امیر پنجم عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت حضرت علامہ سیّد محمد یوسف بنوریؒ نے

سوال11: فتنہ قادیانیت کے خاتمہ کے لئے یہ تجویز کس عالم دین نے پیش کی تھی کہ قادیانی پاکستان کے وفادار نہیں، ان کے خاتمہ کے لئے ضروری ہے کہ فوج سمیت تمام کلیدی عہدوں سے ان کو ہٹادیا جائے؟

جواب: حضرت مولانا احتشام الحق تھانویؒ نے

سوال12: بتائیے! قادیانیت کے خاتمہ کے سلسلے میں یہ الفاظ کس پاکستانی وزیر اعظم کے ہیں کہ: "قادیانیوں کے خلاف پوری قوت سے کارروائی کرنے کی ضرورت ہے"؟

جواب: محمد خان جونیجوؒ کے

سوال13: "اگر ہم انگریزی حکومت کو کمزور کرنا چاہتے ہیں تو ضروری ہے کہ اس سے پہلے جماعت احمدیہ کو کمزور کیا جائے" بتائیے یہ الفاظ کس مشہور سیاسی ہندو لیڈر کے ہیں؟

جواب: پنڈت جواہر لعل نہرو کے

سوال14: بتائیے "Islam & Ahmadism" کس کی کتاب ہے؟

جواب: شاعر مشرق ڈاکٹر علامہ محمد اقبالؒ کی

سوال15: قادیان مرزائیت کی جائے پیدائش، چناب نگر اعصابی مرکز، تل ابیب تربیتی کیمپ، لندن پناہ گاہ، ماسکو استاد، اور واشنگٹن قادیانیت کا بینک ہے، یہ تبصرہ کس کا ہے؟

جواب: مجاہد ختم نبوت آغا عبدالکریم شورش کاشمیریؒ کا

سوال16: "پاکستان میں انگریز کو سب سے زیادہ اعتماد جس گروہ پر ہوسکتا ہے وہ قادیانی گروہ ہے" یہ واقعاتی رائے کس پاکستانی شخصیت نے دی تھی؟

جواب: بانیٔ پاکستان قائداعظم محمد علی جناح نے

سوال17: حضرت میاں شیر محمد شرق پوریؒ نے بحالت کشف مرزا قادیانی کو کس حال میں دیکھا؟

جواب: آپ نے دیکھا کہ: مرزا قادیانی قبر میں ایک باؤلے کتے کی طرح ہے، اس کا منہ دم کی طرف ہے، منہ سے پانی بہہ رہا ہے اور بھونکتے ہوئے گول چکر کاٹ رہا ہے

# صوبہ خیبر پختونخوا میں عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت

سوال 1: خیبر پختونخوا میں بانیٔ مجلس امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ کے دور رفقاء کے نام بتایئے؟

جواب: یوں تو بہت سے جید علماء کرام مجلس احرار اسلام اور عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے سٹیج سے امیر شریعتؒ کے رفیق رہے لیکن مجاہد ملت حضرت مولانا غلام غوث ہزارویؒ اور مفتیٔ سرحد مفتی محمد عبدالقیوم پوپلزئیؒ آپ کے دست و بازو رہے

سوال 2: صوبہ خیبر پختونخوا کے ان نامور علماء کرام میں سے چند کے نام بتائیں جنہوں نے تحفظ ختم نبوت کے لئے 1974ء میں خدمات سرانجام دیں؟

جواب: ا: شیخ الاسلام حضرت علامہ سید محمد یوسف بنوری رحمہ اللہ

۲: مفکر اسلام حضرت مولانا مفتی محمود رحمہ اللہ

۳: مجاہد ملت حضرت مولانا غلام غوث ہزاروی رحمہ اللہ

۴: ابوذر دوراں شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحق رحمہ اللہ

۵: حضرت مولانا صدر الشہید رحمہ اللہ

۶: حضرت مولانا نعمت اللہ رحمہ اللہ

۷: حضرت مولانا عبدالحکیم ہزاروی رحمہ اللہ

سوال 3: پشاور میں تحفظ ختم نبوت اور تحفظ ناموس رسالت کی تحاریک کے لئے کونسی مسجد مرکز رہی؟

جواب: تحریک آزادی، تحریک خلافت، تحریک ترک موالات اور دیگر ملی و دینی تحریکات کا مرکز ہمیشہ جامع مسجد قاسم علی خان قصہ خوانی پشاور رہی اور تحفظ ختم نبوت و تحفظ ناموس رسالت کی تحاریک کا مرکز ہر دور میں جامع مسجد قاسم علی خان ہی رہی۔ ابھی بھی عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کا صوبائی رابطہ دفتر مسجد قاسم علی خان ہی میں ہے

سوال 4: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام تحفظ ختم نبوت کے حوالے سے ملٹی میڈیا پروجیکٹر کورسز کی ابتداء کہاں سے ہوئی؟

جواب: الحمد للہ ان کورسز کی ابتداء پشاور سے ہوئی اور پہلے کورس میں تدریس کے فرائض مولانا محمد رضوان عزیز صاحب دامت برکاتہم نے سرانجام دیئے

سوال5: ملٹی میڈیا پروجیکٹر کورسز کن کن عنوانات پر کروائے جاتے ہیں؟

جواب: ۱:عقیدۂ ختم نبوت/ ۲:رفع و نزول عیسیٰ علیہ السلام/ ۳:ظہور مہدی علیہ الرضوان/ ۴: قانون ناموس رسالت 295-C/ ۵:انگریز کا خود کاشتہ پودا/ ۶:دعاویٰ مرزا غلام قادیانی/ ۷: تضادات مرزا غلام قادیانی/ ۸:مرزا قادیانی کی پیش گوئیاں/ ۹:جملہ عنوانات پر مشتمل مختصر کورس/ ۱۰: کشمیر اور قادیانی سازشیں

سوال6: 7 ستمبر یوم ختم نبوت کے حوالے سے مسلسل یوم ختم نبوت کانفرنس کا اعزاز کس شہر کو حاصل ہے؟

جواب: 7 ستمبر یوم ختم نبوت کے حوالے سے ہر سال کانفرنس کا اعزاز پشاور شہر کو حاصل ہے، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت پشاور کے زیر اہتمام ہر سال 7 ستمبر یوم ختم نبوت کے موقع پر ختم نبوت چوک قصہ خوانی بازار میں یوم ختم نبوت کانفرنس کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ جبکہ یکم ستمبر تا 10 ستمبر عشرۂ ختم نبوت کے حوالے سے صوبہ بھر میں کانفرنسز کا انعقاد کیا جاتا ہے

سوال7: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت پشاور کے کام کرنے میں چند اضافی خصوصیات کونسی ہیں؟

جواب: ۱: حفاظت ایمان، دعوت ایمان، دفاع پاکستان کے اہداف کے لئے ہفت روزہ اور 15 روزہ بیانات کا انعقاد اور دیگر اضلاع میں مقامی مجلس کی درخواست اور اہتمام سے دس رفقاء پر مشتمل جماعت کی تشکیل کی جاتی ہے جو ہفتہ وار بیانات کے انعقاد میں مقامی مجلس کی نصرت کرتے ہیں اور ایک دن میں 20 مقامات پر مختصر بیانات کئے جاتے ہیں

۲: دعوت ایمان کے ہدف میں بازاروں اور شاپنگ مالز میں قادیانی مصنوعات نہ خریدنے اور نہ بیچنے کی ترغیب دلانے کے لئے اجتماعی گشت

۳: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام خط و کتابت کورس از اسلام آباد ملکی سطح پر بڑی تعداد میں پشاور میں کرایا جاتا ہے، خصوصاً بنات کے مدارس میں

۴: چھ علماء کرام ملٹی میڈیا پروجیکٹر کورسز کروانے پر تعینات ہیں اور صوبہ بھر میں کسی بھی مقام پر مقامی مجلس کے ذمہ دار کی اجازت سے بھی اس کورس کی سہولت مہیا کی جاتی ہے

۵: آل پاکستان ختم نبوت کانفرنس چناب نگر میں بھرپور شرکت کا اہتمام کیا جاتا ہے

# تحفظ ختم نبوت کی تحاریک

## تحریک ختم نبوت 1953ء

سوال 1: تحفظ ختم نبوت اور انسداد قادیانیت کے لئے پاکستان میں آج تک بڑی کتنی تحریکیں چلی ہیں؟

جواب: اہم تحریکیں تین ہیں: **1**۔۔۔ 1953 **2**۔۔۔ 1974 **3**۔۔۔ 1984

سوال 2: تحریک ختم نبوت 1953ء میں مسلمانوں کے مطالبات کیا تھے؟

جواب: 1:......قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیا جائے

2:......ظفر اللہ خان قادیانی کو وزیر خارجہ کے عہدے سے ہٹایا جائے

3:...... قادیانیوں کو کلیدی عہدوں سے ہٹایا جائے

4:...... چناب نگر کی بقیہ اراضی پر مہاجرین کو آباد کیا جائے

سوال 3: تحریک ختم نبوت 1953ء سے مسلمانوں کا ایک مطالبہ پورا ہوا اور وہ تھا: سر ظفر اللہ خان قادیانی کی وزارت خارجہ سے علیحدگی، بتائیے! کیا حکومت نے اسے وزیر خارجہ کے عہدے سے ہٹایا؟

جواب: حکومت نے اسے ہٹایا نہیں، بلکہ اس نے خود ہی اپنے عہدے سے استعفیٰ دیا تھا۔

سوال 4: تحریک ختم نبوت 1953ء کا مرکز لاہور شہر تھا، لاہور میں کون سی جگہ؟

جواب: مسجد وزیر خان، اندرون کشمیری بازار، لاہور

سوال 5: آل مسلم پارٹیز نے حکومت سے ظفر اللہ قادیانی کو اس کے عہدے سے معزولی کا مطالبہ کیا، بتائیے! حکومت (خواجہ ناظم الدین) نے آل مسلم پارٹیز کو کیا جواب دیا تھا؟

جواب: وزیر اعظم خواجہ ناظم الدین نے کہا: اگر ظفر اللہ خان قادیانی کو وزیر خارجہ کے عہدے سے ہٹایا گیا تو امریکا ہمیں گندم نہیں دے گا

سوال 6: حضرت سیّد عطاء اللہ شاہ بخاریؒ نے کب اور کس جلسہ عام میں اپنی ٹوپی اتار کر لوگوں کی طرف بڑھا دی کہ یہ لے جاؤ اور خواجہ ناظم الدین وزیر اعظم پاکستان کے قدموں میں رکھ کر اس سے درخواست کرو کہ مسلمانوں کے مطالبات تسلیم کرے؟

جواب: 16/فروری 1953ء کو موچی دروازہ لاہور میں جلسہ عام سے تقریر کرتے ہوئے

سوال7: جسٹس منیر نے عدالت میں سیّد عطاء اللہ شاہ بخاریؒ کو لاجواب کرنے کے لئے کہا کہ نبی ہونے کے لئے کیا شرائط ہیں؟ تو شاہ صاحب نے کیا جواب دیا؟

جواب: آپ نے فرمایا:" کم از کم شریف انسان تو ہو"

سوال8: پاکستان کے پہلے وزیر اعظم لیاقت علی خان مرحوم کو مسئلہ ختم نبوت کس نے سمجھایا کہ وہ مرزائیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دینے پر رضامند ہو گئے تھے؟

جواب: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے دوسرے امیر مرکزیہ مولانا قاضی احسان احمد شجاع آبادیؒ نے

# تحریک ختم نبوت 1974ء

سوال1: تحریک ختم نبوت 1974ء کے وقت مجلس تحفظ ختم نبوت کے امیر کون تھے؟

جواب: محدث العصر حضرت علامہ سیّد محمد یوسف بنوریؒ

سوال2: پاکستان کے کس وزیر اعظم کے دورِ حکومت میں قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیا گیا اور اس وقت پاکستان کے صدر کون تھے؟

جواب: وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو مرحوم اور صدر چوہدری فضل الٰہی تھے۔

سوال3: 1974ء کی قومی اسمبلی میں مرزا ناصر احمد کے بیان کے جواب میں مجلس عمل تحفظ ختم نبوت نے ایک بیان مرتب کیا، جو اسمبلی میں پڑھ کر سنایا گیا اور جسے کتابی شکل میں شائع کیا گیا، کیا آپ اس کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب: اس بیان کا نام ہے: ملت اسلامیہ کا مؤقف

سوال4: 1974ء میں، جب قادیانیوں کو کافر قرار دینے کے لئے قومی اسمبلی میں قرارداد پیش ہوئی تو اس کی مخالفت میں کتنے ووٹ آئے؟

جواب: کوئی بھی نہیں (قرارداد متفقہ تھی)

سوال5: چناب نگر اسٹیشن پر قادیانیوں نے مسلمان طلباء پر کب حملہ کیا؟

جواب: 29/مئی 1974ء کو، جب طلباء چناب ایکسپریس کے ذریعہ پشاور سے واپس آ رہے تھے

سوال6: 29/مئی 1974ء کو قادیانیوں نے چناب نگر ریلوے اسٹیشن پر کتنے مسلمان طلباء پر تشدد کیا، جس کے نتیجہ میں تحریک ختم نبوت 1974ء چلی؟

جواب: 116 مسلمان طلباء پر تشدد کیا گیا

سوال7: 1974ء کی تحریک ختم نبوت کے چند اہم راہنماؤں کے نام بتائیں؟

جواب: علامہ سیّد محمد یوسف بنوری، مولانا مفتی محمود، مولانا غلام غوث ہزاروی، مولانا تاج محمود، شیخ الحدیث مولانا عبدالحق، مولانا شاہ احمد نورانی، صاحبزادہ محمود احمد رضوی، علامہ احسان الٰہی ظہیر، حافظ عبدالقادر روپڑی اور پروفیسر غفور احمد رحمہم اللہ تعالیٰ

سوال8: قادیانیوں کو کس سن میں غیر مسلم اقلیت قرار دیا گیا؟

جواب: 1974ء میں

سوال9: قومی اسمبلی میں قادیانیوں کے غیر مسلم اقلیت قرار دیئے جانے کا فیصلہ کس وقت سنایا گیا؟

جواب: ۷/ستمبر ۱۹۷۴ء کو چار بج کر ترپن منٹ (4:53) پر (قومی تاریخی دستاویز ۱۹۷۴ء)

# تحریک ختم نبوت 1984ء

سوال1: تحریک ختم نبوت 1984ء کس وجہ سے چلی؟

جواب: فروری 1983ء کو عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت سیالکوٹ کے مبلغ حضرت مولانا محمد اسلم قریشی صاحب کو مرزائی سربراہ مرزا طاہر کے حکم پر مرزائیوں نے اغواء کیا، جس کے نتیجے میں یہ تحریک چلی

سوال2: تحریک ختم نبوت 1984ء کس کی قیادت میں چلی؟

جواب: خواجۂ خواجگان حضرت مولانا خواجہ خان محمد صاحبؒ امیر ششم عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی قیادت میں یہ تحریک چلی

سوال3: مرزائیوں پر پاکستانی آئین کے مطابق کس سن میں اذان دینے، اپنے آپ کو مسلمان کہنے اور اپنی عبادت گاہوں کو مسجد کہنے پر پابندی لگی؟

جواب: 1984ء میں

سوال4: قادیانی شعائر اسلام استعمال نہیں کر سکتے، یہ پابندی کس نے لگائی؟

جواب: یہ پابندی جنرل محمد ضیاء الحق مرحوم نے لگائی

سوال5: امتناع قادیانیت آرڈی نینس کیا ہے اور یہ کب نافذ ہوا؟

جواب: امتناع قادیانیت آرڈی نینس یہ ہے کہ قادیانی شعائر اسلام استعمال نہیں کر سکتے، اپنے

آپ کو مسلمان نہیں کہلوا سکتے، اپنی عبادت گاہ مسجد کی طرز پر نہیں بنا سکتے۔ مرزا قادیانی کو علیہ السلام، اس کی بیویوں کو ازواج مطہرات اور اس کے ساتھیوں کو صحابی نہیں کہہ سکتے، یہ قانون 26 اپریل 1984ء کو صدر پاکستان جنرل ضیاء الحق مرحوم کے ہاتھوں جاری ہوا

سوال 6: امتناع قادیانیت آرڈیننس کے تحت قادیانیوں پر کیا پابندیاں عائد کی گئی؟

جواب: ا: قادیانی/لاہوری خود کو مسلمان نہیں کہہ سکتے

۲: اپنے خودساختہ مذہب کے لئے اسلامی شعائر و اصطلاحات استعمال نہیں کر سکتے

۳: اپنی عبادت گاہ کو مسجد نہیں کہہ سکتے

۴: کسی کو السلام علیکم نہیں کہہ سکتے

۵: قادیانی/لاہوری اپنے خودساختہ مذہب کا پرچار نہیں کر سکتے

۵: مرزا غلام قادیانی کی بیوی کے لئے ام المؤمنین اور اولاد کے لئے اہل بیت اور ساتھیوں کے لئے صحابی کے القابات استعمال نہیں کر سکتے

اگر کوئی قادیانی یہ کام کرتا ہے تو امتناع قادیانیت آرڈیننس کے تحت اسے تین سال تک قید کی سزا اور جرمانہ ہو سکتا ہے

سوال 7: امتناع قادیانیت آرڈیننس کے ذریعہ تعزیرات پاکستان میں کون کون سی دفعات کا اضافہ کیا گیا؟

جواب: امتناع قادیانیت آرڈیننس کے ذریعہ تعزیرات پاکستان میں دو نئی دفعات 298-B اور 298-C کا اضافہ کیا گیا

سوال 8: اگر کوئی قادیانی کلمہ طیبہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کا استعمال کرتا ہے تو اس پر کون سا دفعہ لگے گا اور اس کی سزا کیا ہے؟

جواب: اگر کوئی قادیانی کلمہ طیبہ کا استعمال کرتا ہے یعنی اپنے گھر/عبادت گاہ یا گاڑی پر لکھتا ہے تو سپریم کورٹ آف پاکستان کے فیصلے کے مطابق اس پر 295-C کا مقدمہ درج ہوگا جس کی سزا سزائے موت ہے، کیونکہ قادیانی کلمہ طیبہ میں لفظ محمد سے مراد نعوذ باللہ مرزا قادیانی کو لیتے ہیں جو کہ آپ ﷺ کی حد درجہ توہین اور گستاخی ہے

# قانون تحفظِ ناموس رسالت

## (انسدادِ توہینِ رسالت)

# اور قادیانیوں کی قانونی حیثیت

سوال 1: انگریز دور میں کس کی تحریک پر قانون میں نئی شق کا اضافہ کیا گیا تاکہ توہین مذہب نہ ہو؟

جواب: مولانا محمد علی جوہر رحمۃ اللہ علیہ

سوال 2: کس سن میں نئی شق کا اضافہ ہوا؟

جواب: 1927ء میں دفعہ 295 نام دیا گیا، جس کی سزا 3 سال قید یا جرمانہ تھا

سوال 3: قانون تحفظ ناموس رسالت کیا ہے؟

جواب: کوئی شخص بھی اللہ تعالیٰ کے کسی بھی سچے نبی کی شان میں کسی بھی اعتبار سے گستاخی کا ارتکاب نہیں کرسکتا

سوال 4: قومی اسمبلی میں یہ قرارداد متفقہ طور پر کب منظور ہوئی کہ توہین رسالت کے مجرم کو سزائے موت دی جائے؟

جواب: قومی اسمبلی میں یہ قرارداد 2/جون 1992ء کو متفقہ طور پر منظور ہوئی

سوال 5: قانون تحفظ ناموس رسالت تعزیرات پاکستان کا حصہ کب بنا، مہینہ اور سن بتائیں؟

جواب: قانون تحفظ ناموس رسالت تعزیرات پاکستان کا حصہ 30/اپریل 1991ء کو بنا

سوال 6: تعزیرات پاکستان میں گستاخِ رسول کی سزا کس آرٹیکل کے تحت کیا ہے؟

جواب: تعزیرات پاکستان کی رو سے گستاخِ رسول کی سزا 295C کے تحت سزائے موت ہے

سوال 7: بتایئے! مرزائیوں کی مذہبی کتابوں پر پابندی سب سے پہلے کس حکمران نے لگائی؟

جواب: ملک امیر محمد خان گورنر مغربی پاکستان نے

سوال 8: سب سے پہلے کس بیرونی ملک کی عدالت نے قادیانیوں کو غیر مسلم قرار دیا؟

جواب: سپریم کورٹ آف ماریشس نے

سوال 9: قادیانیوں کو آئین پاکستان کی کس شق کے تحت غیر مسلم قرار دیا؟

جواب: آرٹیکل نمبر 260، شق نمبر 3 کے تحت


Email: ameer@khatm-e-nubuwwat.com

سوال10: آئین پاکستان کی کس شق کے مطابق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خاتم النبیین نہ ماننے والا کافر ہے؟

جواب: آرٹیکل نمبر260، شق نمبر3 کے تحت

سوال11: قرآن کریم کی کس سورۂ مبارکہ میں گستاخِ رسول کا نام لے کر اس کے لئے عذاب کی وعید سنائی گئی ہے؟

جواب: سورۃ لہب میں ابولہب کا نام لے کر عذاب کی وعید سنائی گئی ہے

سوال12: گستاخِ رسول ابولہب کی موت کس طرح واقع ہوئی؟

جواب: وہ طاعون جیسے زہرناک اور سوزش والے مرض میں مبتلا ہو کر تڑپ تڑپ کر جہنم واصل ہوا۔

سوال13: اللہ تعالیٰ نے سورۂ انفال میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت کرنے والوں کے لئے کیا حکم فرمایا ہے؟

جواب: ''کافروں کی گردنوں کے اوپر مارو اوران کے ایک ایک پور (جوڑ) پر ضرب لگاؤ۔'' (الانفال:12)

سوال14: گستاخِ رسول کی توبہ قبول کرنے کا دنیا میں اختیار کس کے پاس ہے؟

جواب: گستاخ رسول کی توبہ قبول کرنے کا دنیا میں کسی کو اختیار نہیں

سوال15: گستاخ رسول کعب بن اشرف یہودی کو کس صحابی نے جہنم واصل کیا؟

جواب: حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے

سوال16: قرآن کریم کی کس سورۃ میں مسلمانوں کی عبادت گاہ کو مسجد کہا گیا ہے؟

جواب: سورۂ حج، آیت40، پارہ17

سوال17: رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی کافروں کی بنائی ہوئی نام نہاد مسجد مسمار کی؟

جواب: جی ہاں! حضور صلی اللہ علیہ وسلم غزوۂ تبوک پر گئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عدم موجودگی میں منافقین مدینہ نے ایک عبادت گاہ بنائی، جس کا نام مسجد رکھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو مسمار کروادیا اور اسے مسجد ضرار کہا

سوال18: جانباز مرزا مرحوم کا کوئی مشہور شعر سنائیے؟

جواب: ناموس محمد عربی پر ہم جان نچھاور کردیں گے
گر وقت نے ہم سے خون مانگا، ہم وقت کا دامن بھر دیں گے

سوال19: کیا مرزائی اپنی عبادت گاہ کو مسجد کے نام سے پکار سکتے ہیں؟

جواب: جی نہیں! مسجد شعائر اسلام میں داخل ہے اور کسی غیر مسلم کو شعائر اسلام کو اپنانے کی اجازت نہیں۔

سوال20: غیر مسلموں کو مساجد سے نکال دینے کی کوئی ایک مثال آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ سے بیان کریں؟

جواب: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے بقول: ایک مرتبہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ جمعہ ارشاد فرما رہے تھے تو آپ نے کئی لوگوں کو نام لے کر مسجد سے نکل جانے کا حکم دیا، کیونکہ وہ منافق تھے۔ (الدر المنثور، تفسیر سورۃ التوبہ، آیت: ۱۰۱)

سوال21: قرآن کریم کی کس سورۃ میں کہا گیا ہے کہ: ’’کافر اگر کوئی عمارت بنا کر اس کا نام مسجد رکھ دیں تو مسلمان اس میں نماز ادا نہ کریں، کیونکہ یہ عمارت سازشوں کا گڑھ ہے‘‘؟

جواب: سورۂ توبہ، آیات: 107 تا 110

# مرزا غلام قادیانی

سوال1: قادیانی جماعت کی بنیاد کب رکھی گئی؟

جواب: 23/مارچ 1889ء کو لدھیانہ، ہندوستان میں۔

سوال2: 7/ستمبر 1974ء کو جب قادیانی اور مرزائی ذلیل وخوار ہو کر غیر مسلم اقلیت قرار پائے تو اس وقت فتنۂ قادیانیت کی عمر کتنی تھی؟

جواب: 85 برس 5 ماہ 15 دن

سوال3: مرزا غلام احمد قادیانی کون تھا؟

جواب: قادیان میں پیدا ہونے والا انگریز کا وفادار، نمک خوار شخص، جس سے انگریز نے جھوٹا دعویٰ نبوت کرایا

سوال4: مرزا قادیانی کہاں پیدا ہوا؟

جواب: ہندوستان کے ضلع گورداس پور کی بستی قادیان میں

سوال5: مرزا غلام احمد قادیانی کا سن پیدائش کیا ہے؟

جواب: مرزا قادیانی کی دیگر تحریروں کی طرح اس کی تاریخ پیدائش میں بھی شدید اختلاف ہے، مرزا کے بقول 1839ء یا 1840ء سن پیدائش ہے

سوال6: بچپن میں مرزا قادیانی کو کس نام سے پکارا جاتا تھا؟

جواب: سَندھی کے نام سے (اہل ہند اپنی جاہلانہ رسومات کی وجہ سے منت مانگ کر لیے گئے بچے کو سندھی یا دسوندھی کہہ دیتے تھے)

سوال7: قادیانی اور مرزائی کن لوگوں کو کہا جاتا ہے؟

جواب: جو لوگ مرزا غلام قادیانی کو نبی/مسیح موعود مانتے ہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ختم نبوت کا انکار کرتے ہیں، ان کو قادیانی اور مرزائی کہا جاتا ہے

سوال8: مرزا قادیانی نے اپنی کس کتاب میں اعتراف کیا ہے کہ وہ انگریز کا خود کاشتہ پودا ہے؟

جواب: کتاب البریہ، روحانی خزائن ج:13، ص:350

سوال9: قادیانیت اور نام نہاد احمدیت میں کیا فرق ہے؟

جواب: ایک ہی تحریک کے دو نام ہیں

سوال10: مرزا قادیانی نے کب اشتہار شائع کیا کہ اس کے پیروکار احمدی کہلائیں گے؟

جواب: 1900ء میں

سوال11: مرزا قادیانی کو دو ڈھیلے اتنے پسند تھے کہ ہر وقت انہیں اپنی جیب میں رکھا کرتا تھا، کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ وہ ڈھیلے کیا تھے؟

جواب: گڑ اور مٹی کے ڈھیلے

سوال12: مرزا قادیانی ایک خاص قسم کی شراب پیا کرتا تھا، کیا آپ اس کا نام جانتے ہیں؟

جواب: ٹانک وائن (Tonic Wine)

سوال13: مرزا قادیانی نے ایک شعر میں خود اپنا تعارف کروایا ہے، وہ کون سا شعر ہے؟

جواب: کرم خاکی ہوں میرے پیارے نہ آدم زاد ہوں ہوں بشر کی جائے نفرت اور انسانوں کی عار

سوال14: مرزا قادیانی رات کو سوتے وقت کس قسم کا لباس پہننا پسند کرتا تھا؟

جواب: غرارہ (عورتوں کا لباس)

سوال15: مرزا قادیانی مجموعہ امراض تھا، کیا آپ اسے لاحق چند بیماریوں کے نام بتا سکتے ہیں؟

جواب: مراق، کثرت بول (پیشاب)، حافظہ کی کمزوری، ہسٹریا وغیرہ

سوال16: مرزا قادیانی کو دن رات میں کتنی مرتبہ پیشاب آتا تھا؟

جواب: بسا اوقات تقریباً 100 مرتبہ پیشاب آتا تھا

سوال17: مرزا غلام قادیانی کے چند دعاوی بیان کریں؟

جواب: مرزا غلام قادیانی نے بے شمار دعوے کیئے ہیں مثلاً مبلغ اسلام، مناظر اسلام، مجدد، مہدی، مثیل عیسیٰ، عیسیٰ بن مریم، دعویٰ نبوت ورسالت، نعوذ باللہ محمد رسول اللہ کا دعویٰ اور خدائی کا دعویٰ

سوال18: مرزا قادیانی نے کس سن میں مجدد ہونے کا دعویٰ کیا؟

جواب: 1889ء میں مجدد ہونے کا دعویٰ کیا

سوال19: مرزا نے کس سن میں نبوت کا دعویٰ کیا، نیز مہینہ اور تاریخ بھی بتائیں؟

جواب: 15/ نومبر 1901ء میں

سوال20: مرزا قادیانی نے متعدد مرتبہ لکھا ہے جو کوئی اس کی تعلیمات نہ مانے وہ مسلمان نہیں، حوالہ دیں؟

جواب: جو شخص تیری پیروی نہیں کرے گا وہ رسول کی نافرمانی کرنے والا جہنمی ہے

(تبلیغ رسالت، ج/۹، ص/۲۷)

سوال21: مرزا قادیانی نے اہل بیت کی شان میں بہت گستاخیاں کی ہیں؟ حضرت حسینؓ کی شان میں گستاخی کس کتاب میں کی ہے؟

جواب: نزول مسیح ص: ۹۹/ جس میں کہا ہے کہ میں حسینؓ سے بڑھ کر ہوں۔

سوال22: کیا آپ مرزا قادیانی کے خود ساختہ فرشتوں کے نام بتا سکتے ہیں؟

جواب: ٹیچی ٹیچی، درشنی، خیراتی، مٹھن لال، حفیظ، ہمدرد فرشتہ، رانی، انگریزی فرشتہ، میٹھی روٹیوں والے فرشتے

سوال23: مرزا قادیانی کے سب سے تیز رفتار خود ساختہ فرشتے کا نام بتایئے؟

جواب: ٹیچی ٹیچی

سوال24: قادیانیوں کے نزدیک الہامی کتاب کا درجہ کس کتاب کو حاصل ہے؟

جواب: اس کتاب کا نام ''تذکرہ'' ہے، جس میں مرزا قادیانی کے شیطانی خواب، کشف اور الہامات وغیرہ درج ہیں

سوال25: مرزا غلام قادیانی مدعی نبوت تھا، بتایئے! کن الفاظ میں اس نے دعویٰ نبوت کیا، کتاب کا نام بھی بتائیں؟

جواب: اپنی کتاب ایک غلطی کا ازالہ صفحہ 3 پر ان الفاظ میں دعویٰ نبوت کیا کہ:"اس وحی الٰہی میں میرا نام محمد رکھا گیا اور رسول بھی"

سوال26: مرزا قادیانی کا وہ قول بتائیں جس میں اس نے کہا کہ نبوت ختم نہیں ہوئی بلکہ کئی ہزار نبی آسکتے ہیں؟

جواب: مرزا نے کہا" یہ ممکن ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نہ ایک دفعہ بلکہ ہزار دفعہ دنیا میں بروزی رنگ میں آجائیں اور بروزی رنگ میں اور کمالات کے ساتھ اپنی نبوت کا اظہار بھی کریں"

(ایک غلطی کا ازالہ،ص:١١،خزائن،ج:١٨،ص:٢١٥)

سوال27: اپنی نبوت پکی کرنے کے لئے کس رسالہ میں مرزا قادیانی نے تحریر کیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد صرف ایک ہی نبی آسکتا تھا اور وہ میں ہی ہوں؟

جواب: رسالہ تشحیذ الاذہان میں

سوال28: کس مرزائی نے سب سے پہلے اپنے خطبہ جمعہ میں مرزا قادیانی کے لئے نبی اور رسول کے الفاظ استعمال کیئے؟

جواب: مولوی عبدالکریم نے جو مرزائی عبادت خانہ کا امام تھا۔

سوال29: مرزائیوں کا کون سا فرقہ مرزا قادیانی کو معبود مانتا ہے اور قادیان کو بیت اللہ کا درجہ دیتا ہے؟

جواب: کھیروی فرقہ

سوال30: مرزائیوں کی لاہوری شاخ والے منافقت کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ مرزا قادیانی کو نبی نہیں مانتے۔مگر حقیقت برعکس ہے،حوالہ دیں؟

جواب: ہم مسیح موعود مرزا قادیانی کو اس زمانہ کا نبی ورسول مانتے ہیں۔(پیغام صلح،٦ر اکتوبر١٩١٣ء)

سوال31: انگریز نے مرزا کو نبی کے طور پر کیوں کھڑا کیا؟

جواب: تاکہ مرزا کے ذریعہ جہاد کو حرام قرار دلوایا جاسکے اور انگریز حکومت کی اطاعت کرائی جاسکے

سوال32: مرزا قادیانی نے جو عام بیعت لینا شروع کی،بتائیں!بیعت کی بنیادی اور مرکزی شرط کیا تھی؟

جواب: انگریز حکومت کی وفاداری

سوال33: مرزا قادیانی اور قادیانیت کو انگریز کا خود کاشتہ پودا کیوں کہا جاتا ہے؟

جواب: اس لئے کہ اس فتنہ کی بنیاد انگریز نے رکھی تاکہ مسلمانوں کے دلوں سے جذبۂ جہاد و عشق رسول ختم کیا جائے

سوال34: مرزا قادیانی نے کس کتاب میں اپنے آپ کو تمام انبیاء کرام سے افضل لکھا ہے؟

جواب: تذکرہ، صفحہ ۶۴۳

سوال35: مرزا قادیانی نے کس کتاب میں اپنے آپ کو نعوذ باللہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی افضل گردانا ہے؟

جواب: اعجاز احمدی رصفحہ ۷۱

# حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں قادیانی عقیدہ

سوال 1: قادیانیوں کا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں کیا عقیدہ ہے؟

جواب: مرزائیوں کا عقیدہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام فوت ہو چکے ہیں اور ان کی قبر کشمیر سرینگر کے محلّہ خانیار میں ہے

سوال 2: مرزا غلام قادیانی نے مسیح موعود ہونے کا دعویٰ کون سی سن میں کیا؟

جواب: مرزا غلام قادیانی نے دعویٰ مسیحیت 1891ء میں کیا (تذکرہ، ص: 186، طبع سوم)

سوال 3: مرزا غلام قادیانی نے اپنی کس کتاب میں تسلیم کیا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول آسمانوں سے ہونے والا ہے؟

جواب: ازالہ اوہام ص:927، مطبوعہ 1891ء

سوال 4: اس سے پہلے مرزا غلام قادیانی نے اپنی کتابوں میں کئی جگہ یہ دعویٰ کیا ہے کہ:"میں مسیح ابن مریم ہوں" کسی کتاب اور صفحہ نمبر بتائیں؟

جواب: حقیقۃ الوحی، صفحہ 149

سوال 5: احادیث کے مطابق حضرت عیسیٰ علیہ السلام دمشق کی شرقی سمت میں سفید منارہ کے پاس نازل ہوں گے، قادیانیوں نے اس مینارہ کے مقابلہ میں کس شہر میں اور کب جعلی منارۃ المسیح قائم کیا ہے؟

جواب: قادیان میں 28/ مئی 1900ء کو اس کی تعمیر کا اشتہار دیا (تبلیغ رسالت، ص: ۱۳۴)

# مرزا غلام قادیانی اور حرمین شریفین

سوال 1: بتائیے مرزا قادیانی نے کل کتنے حج کیئے؟

جواب: ایک بھی نہیں، کیونکہ مرزا قادیانی مکہ اور مدینہ گیا ہی نہیں

سوال 2: مرزا قادیانی نے اپنی کس کتاب میں لکھا ہے کہ؟ "قادیان کی سیر نفلی حج سے زیادہ ثواب کا کام ہے"

جواب: آئینہ کمالات اسلام/صفحہ 352 پر

سوال 3: قادیانیوں کے نزدیک مکہ اور مدینہ والی برکت کس شہر کو حاصل ہے؟

جواب: قادیانیوں کے نزدیک نعوذ باللہ قادیان شہر کو مکہ اور مدینہ والی برکت حاصل ہے

# مرزا غلام قادیانی کی جھوٹی پیشگوئیاں اور مباہلے

سوال 1: پیشگوئی کسے کہتے ہیں؟

جواب: کسی بھی واقعہ کے رونما ہونے سے پہلے اس کی اطلاع دینا پیش گوئی کہلاتا ہے

سوال 2: مرزا قادیانی نے کس پیشگوئی کے پورا نہ ہونے کی صورت میں خود کو ہر ایک بد سے بدتر مانا ہے، نیز کیا یہ پیشگوئی پوری ہوئی؟

جواب: محمدی بیگم کے ساتھ نکاح کی پیشگوئی کے پورا نہ ہونے کی صورت میں کہا تھا اور یہ پیشگوئی پوری بھی نہ ہوسکی

سوال 3: وہ کون سی مسلمان خاتون ہے جس کا نام لیتے ہی قادیانی دم دبا کر بھاگ جاتے ہیں؟

جواب: محمدی بیگم

سوال 4: مرزا قادیانی لاہور میں مرا، مگر موت کے سلسلے میں مرزا قادیانی کی پیشگوئی کچھ اور تھی، بتائیے! وہ پیشگوئی کیا تھی؟

جواب: مرزا قادیانی کی پیشگوئی تھی کہ ہم مکہ میں مریں گے یا مدینہ میں۔

سوال 5: مولانا ثناء اللہ امرتسری کے ساتھ مناظرہ اور مباہلہ میں مرزا قادیانی نے آخری تاریخ 15/اپریل 1907ء کا اعلان کر کے کیا بددعا کی؟

جواب: اس نے دعا کی کہ جھوٹا سچے کی زندگی میں طاعون یا ہیضہ سے مر جائے

سوال6: مولانا ثناءاللہ اور مرزا قادیانی کے مابین ایک مباہلہ ہوا، بتایئے! اس مباہلہ کا نتیجہ کس طرح ظاہر ہوا؟

جواب: مرزا غلام احمد قادیانی اپنی خود ساختہ پیشگوئی کے مطابق مولانا ثناء اللہ امرتسریؒ سے پہلے 1908ء میں ہیضہ کی موت مر گیا جبکہ مولانا امرتسریؒ 41 سال بعد فوت ہوئے

سوال7: مرزا قادیانی نے اپنی عمر کے بارے میں پیشگوئی کی کہ 80 سال یا چند سال کم یا زیادہ ہوگی، کیا ہوا؟

جواب: پیشینگوئی جھوٹی نکلی، کُل عمر 69 برس ہوئی

سوال8: مرزا غلام قادیانی کب مرا؟

جواب: 26 رمئی 1908ء بروز منگل کو

سوال9: مرزا غلام احمد قادیانی کیسی موت مرا؟

جواب: ہیضہ کا شکار ہو کر عبرتناک موت مرا

سوال10: مرزا قادیانی نے تو اپنے منکروں کو کافر اور جہنمی قرار دیا تھا اور اس کے بیٹے مرزا بشیر الدین نے بھی اپنے کتاب ''آئینہ صداقت'' میں مرزا قادیانی کے منکروں کو کافر قرار دیا ہے، اس نے کیا لکھا، کیا آپ وہ قول بتا سکتے ہیں؟

جواب: اس نے لکھا" ہر ایک ایسا شخص جو موسیٰؑ کو تو مانتا ہو مگر عیسیٰؑ کو نہیں مانتا یا عیسیٰؑ کو مانتا ہو مگر محمدؐ کو نہیں مانتا یا محمدؐ کو مانتا ہے پر مسیح موعود کو نہیں مانتا وہ نہ صرف کافر بلکہ پکا کافر اور دائرہ اسلام سے خارج ہے" (کلمۃ الفصل رصفحہ 110)

سوال11: کس قادیانی پیشوا نے وصیت کی تھی کہ جب حالات سازگار ہوں (پاکستان ختم ہو کر بھارت میں مل جائے) تو میری لاش چناب نگر سے اکھاڑ کر قادیان (انڈیا) میں دفن کر دی جائے؟

جواب: مرزا بشیر الدین قادیانی نے

سوال12: قادیانی پیشوا مرزا طاہر پاکستان سے لندن کب فرار ہوا؟

جواب: 1984ء میں

سوال13: مرزا قادیانی نے اپنے حقیقی بیٹے کو جائیداد سے عاق کر دیا، اس کا جنازہ بھی نہ پڑھا، کیونکہ اس نے مرزا کو نبی ماننے سے انکار کر دیا تھا، مرزا کے اس بیٹے کا نام بتایئے؟

جواب: مرزا فضل احمد

# وطن عزیز پاکستان قادیانیوں کی نظر میں

سوال 1: کس مرزائی سربراہ نے کہا تھا کہ عنقریب پاکستان کے ٹکڑے ہو جائیں گے اور یہ ملک صفحہ ہستی سے مٹ جائے گا؟

جواب: مرزا طاہر نے 1985ء کو قادیانیوں کے سالانہ جلسہ میں خطاب کرتے ہوئے یہ بکواس کی تھی

سوال 2: مرزا طاہر احمد قادیانی نے 30/جولائی 1990ء کو پاکستان کے بارے میں کیا بکواس کی؟

جواب: اس نے پاکستان کو پاگل خانہ کہا

سوال 3: مرزا بشیر الدین نے کب کہا کہ بلوچستان کم آبادی اور زیادہ رقبے والا علاقہ ہے، اس کو احمدی اسٹیٹ بنانے کی کوشش کرو تاکہ ایک صوبہ تو ہو جسے ہم اپنا صوبہ کہہ سکیں؟

جواب: اگست 1948ء میں

سوال 4: 1952ء میں قادیانیوں کے نام نہاد خلیفہ مرزا بشیر الدین نے پاکستان کے کس صوبہ کو احمدی صوبہ بنانے کا اعلان کیا تھا؟

جواب: صوبہ بلوچستان کو

سوال 5: پاکستان کے پہلے انتخابات میں مرزائیوں نے گیارہ نشستوں پر اپنے گیارہ امیدوار کھڑے کئے، بتایئے! ان میں سے کتنے کامیاب ہوئے؟

جواب: ایک امیدوار بھی کامیاب نہیں ہو سکا۔ **الحمدللہ**

سوال 6: 1952ء میں امریکا کے ایک کثیر الاشاعت رسالہ ٹائم نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک فرضی تصویر شائع کی، واشنگٹن کے پاکستانی سفارت خانے نے اس پر احتجاج کیا تو اس وقت پاکستان کے قادیانی وزیر خارجہ سر ظفر اللہ خان نے کیا حکم نامہ جاری کیا؟

جواب: اس نے لکھا: "پاکستان اسلام کے وقار کا تنہا محافظ نہیں ہے، آئندہ اس قسم کے احتجاج نہ کئے جائیں"

سوال 7: ظفر اللہ خان قادیانی نے پاکستان کا وزیر خارجہ ہوتے ہوئے بھی قائداعظم محمد علی جناح کی نماز جنازہ نہ پڑھی اور ایک غیر مسلم وزیر کے ساتھ گپ شپ لگاتا رہا، جب اس سے اس بات کی وضاحت طلب کی گئی تو اس نے کیا جواب دیا؟

جواب: اس نے کہا: ''مجھے مسلمان حکومت کا کافر ملازم سمجھ لو یا کافر حکومت کا مسلمان ملازم سمجھ لو۔''

(تحریک کشمیر سے تحریک ختم نبوت تک، ص: ۲۳۰)

سوال8: کس مرزائی سربراہ کی قیادت میں پاک فضائیہ کے تین طیاروں نے 1974ء میں قادیانی نام نہاد خلیفہ سوم مرزا ناصر کو سلامی پیش کی، جو ایک غیر قانونی اور غیر آئینی فعل تھا؟

جواب: ایئر مارشل ظفر چوہدری قادیانی کی سربراہی میں

سوال9: وہ کون سا ملک ہے، جس میں یہودیت کے علاوہ کسی اور مذہب کی تبلیغ کی قانونی اجازت نہیں، مگر قادیانی مشن وہاں بھی قائم ہے؟

جواب: اسرائیل

سوال10: امریکی سینیٹ نے پاکستان کی امداد کو قادیانیوں کی مذہبی آزادی سے مشروط کرنے کی قرارداد کب منظور کی؟

جواب: مئی 1987ء میں

سوال11: مرزا قادیانی نے کس کتاب میں قادیان کو ارضِ حرم قرار دیا؟

جواب: اپنی کتاب درثمین میں

سوال12: 1857ء میں مسلمانانِ ہند نے انگریزوں کے خلاف جنگ آزادی لڑی، بتایئے! مرزا قادیانی کے والد نے اس جنگ میں انگریزوں کی کیا مدد کی؟

جواب: بقول مرزا قادیانی 50 گھوڑے مع سواران۔ (خزائن، ج: 12، ص: 270)

سوال13: وہ کون سی قادیانی (مصنوعات) ہیں، جن کا ہمیں بائیکاٹ کرنا چاہئے؟

جواب: شیزان، پران، مشموم، الرحیم جیولرز، شاہ تاج شوگر ملز، ذائقہ گھی، شاہنواز ٹیکسٹائل ملز وغیرہ

سوال14: شیزان اور دیگر قادیانی مصنوعات کا بائیکاٹ کیوں ضروری ہے؟

جواب: شیزان گستاخانِ رسول مرزائیوں کی مشروب ساز فیکٹری ہے، اس کی آمدنی کا ایک کثیر حصہ قادیانیت کے پرچار پر خرچ ہوتا ہے، لہٰذا کسی مسلمان کو یہ زیب نہیں دیتا کہ وہ قادیانی مصنوعات استعمال کر کے حرام کا ارتکاب کرے

سوال15: ربوہ کا نیا نام کیا ہے؟

جواب: چناب نگر

سوال16: چناب نگر کہاں واقع ہے؟

جواب: صوبہ پنجاب ضلع چنیوٹ میں دریائے چناب کے کنارے

سوال 17: انجمن احمدیہ چناب نگر کو چناب نگر کی زمین سرکاری طور پر ایک آنہ فی مرلہ کے حساب سے الاٹ کی گئی، انجمن احمدیہ چناب نگر نے مرزائیوں کو یہ زمین آگے کس شرح اور ریٹ پر دی؟

جواب: ''اوسطاً تین صد روپے فی مرلہ کے حساب سے دی۔'' (تحریک ختم نبوت 1974ء ج:1، ص: 240)

سوال 18: پاکستان میں مرزائیوں کے سالانہ جلسہ چناب نگر پر کب پابندی لگائی گئی؟

جواب: 1984ء میں

سوال 19: چناب نگر کو کھلا شہر قرار دینے کا فیصلہ کب ہوا اور اس فیصلہ پر عمل درآمد کب ہوا؟

جواب: فیصلہ 22 جون 1974ء کو اور اس پر عمل درآمد جنوری 1975ء کو ہوا

سوال 20: چناب نگر میں مسلمانوں نے پہلی باجماعت نماز کون سی اور کب ادا کی؟

جواب: 26/دسمبر 1974ء کو نماز ظہر چناب نگر میں پہلی باجماعت نماز ادا کی گئی

سوال 21: چناب نگر میں دفتر ختم نبوت و مسجد کے لئے 9 کنال اراضی کب خریدی گئی؟

جواب: جون 1976ء میں

## عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی پرنٹ میڈیا اور الیکٹرانک میڈیا پر خدمات

سوال 1: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے کتنے رسالے شائع ہوتے ہیں؟

جواب: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے دو رسالے شائع ہوتے ہیں (۱) ماہنامہ لولاک (۲) ہفت روزہ ختم نبوت

سوال 2: کیا عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کا ماہنامہ لولاک انٹرنیٹ پر دستیاب ہے؟

جواب: جی ہاں! عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کا ماہنامہ لولاک انٹرنیٹ پر دستیاب ہے جس کی اپنی ویب سائیٹ www.laulak.info ہے جس پر ہر ماہ کا تازہ شمارہ اور گذشتہ 25 سال کی رسالوں کا ریکارڈ دستیاب ہے

سوال 3: کیا عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ہفت روزہ ختم نبوت انٹرنیٹ پر دستیاب ہے؟

جواب: جی ہاں! عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کا ہفت روزہ ختم نبوت انٹرنیٹ پر دستیاب ہے جس کی اپنی ویب سائیٹ www.khatm-e-nubuwwat.info ہے جس پر ہر ہفتے کا تازہ شمارہ اور گذشتہ چالیس برس کے رسالوں کا ریکارڈ موجود ہے

سوال4: کیا عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی مطبوعہ کتب انٹرنیٹ پر دستیاب ہیں؟

جواب: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی اکثر مطبوعہ کتب انٹرنیٹ پر دستیاب ہیں جس کا ویب ایڈریس www.emaktaba.info ہے

سوال5: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی ای مکتبہ پر کون کون سی کتب موجود ہیں؟

جواب: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی ای مکتبہ پر احتساب قادیانیت کی 60 جلدیں، تحریک ختم نبوت کی 10 جلدیں، قومی اسمبلی میں قادیانی مسئلہ پر بحث کی مصدقہ رپورٹ کی 5 جلدیں اور دیگر اہم کتب موجود ہیں

سوال6: کیا فیس بک پر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کا آفیشل پیج موجود ہے؟

جواب: جی ہاں! فیس بک پر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کا آفیشل پیج موجود ہے، جس کا ایڈریس www.facebook.com/amtkn313 ہے

سوال7: کیا کوئی ایسا ویب ایڈریس ہے جہاں پر سہولت اور رابطے کے لئے عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے سارے لنک موجود ہوں؟

جواب: جی ہاں! عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کا مرکزی ویب ایڈریس www.amtkn.com ہے جس پر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی تمام ویب سائٹ کے لنکس موجود ہیں، نیز رابطے کے لئے contact us کے لنک میں دفاتر کے پتے اور ذمہ داروں کے رابطہ نمبر بھی موجود ہیں

سوال8: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کا ای میل ایڈریس کیا ہے؟

جواب: ا: برائے رابطہ / ameer@khatm-e-nubuwwat.com

۲: برائے ہفت روزہ ختم نبوت / editorkn@yahoo.com

۳: برائے ماہنامہ لولاک / khatmenubuwwat@ymail.com

سوال9: کیا عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت نے گوگل پلے سٹور (google play store) پر کوئی موبائل ایپلیکیشن تیار کی ہے؟

جواب: جی ہاں! قادیانی شبہات کے جوابات مکمل کے عنوان سے سرچ ایبل (Search Able) موبائل ایپلیکیشن گوگل پلے سٹور پر موجود ہے

سوال10: کیا عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی کتب اور رسائل میں پی ڈی ایف (PDF) کی سہولت دستیاب ہے؟

جواب: تازہ رسائل میں پی ڈی ایف کی سہولت دستیاب ہے۔ ان کے سابقہ ریکارڈ اور کتب پر اس سہولت کا کام جاری ہے

سوال 11: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی آفیشل ویب سائٹ کا اجراء کب ہوا؟

جواب: اولاً فری ہوسٹنگ اور فری ڈومین سے 1996ء میں کام کی ابتداء کی گئی، بعد ازاں خواجۂ خواجگان حضرت مولانا خواجہ خان محمد صاحب نور اللہ مرقدہٗ کے دور امارت ہی میں ان کی خصوصی اجازت، دعا اور شفقت سے www.khatm-e-nubuwwat.com کے نام سے 29 اپریل 2003ء کو ڈومین حاصل کیا گیا اور عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی تاریخ میں پہلی مرتبہ آفیشل ویب سائٹ کا اجراء ہوا الحمد للہ!

.............................................

مَاکَانَ مُحَمَّدٌ اَبَا اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِکُمْ وَ لٰکِنْ رَّسُوْلَ اللّٰہِ وَ خَاتَمَ النَّبِیّٖنَ (القرآن)

محمد باپ نہیں کسی کا تمہارے مردوں میں سے لیکن رسول ہے اللہ کا اور مہر سب نبیوں پر

اَنَا خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ (الحدیث)

میں **خاتم النبیین** ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں

اللہ رب العزت نے سلسلۂ نبوت کی ابتداء سیدنا آدم علیہ الصلوۃ والسلام کی بعثت سے فرمائی اور انتہاء اور تکمیلِ نبوت ورسالت سیدنا محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس پر فرمائی آپ صلی اللہ علیہ وسلم آخر الانبیاء والمرسلین ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد نہ کسی کو نبی بنایا گیا اور نہ بنایا جائے گا اس عقیدہ کو شریعت مطہرہ کی اصطلاح میں عقیدۂ ختم نبوت کہا جاتا ہے

عقیدۂ ختم نبوت اسلام کا قطعی اور اجماعی عقیدہ ہے جو کہ ضروریات دین میں سے ہے عہد نبوت سے لیکر آج تلک امت کا متفقہ عقیدہ رہا ہے کہ نبی مکرم محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بلا کسی تاویل اور تخصیص کے خاتم النبیین ہیں

رحمۃ للعالمین محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ختم نبوت پر ایمان لانا "**اسلام**" اور انکار "**کفر**" ہے

اللہ کریم جل جلالہ نے سو آیات مبارکہ سے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دوسو دس احادیث مبارکہ اور عملی اقدام سے، صحابہ کرام رضوان علیہم اجمعین نے اجماع اور جہاد سے اور امت نے اتباع سے اسلام کے اساسی عقیدہ ختم نبوت کی حفاظت فرمائی ہے

عقیدۂ ختم نبوت کے تحفظ کے لئے امت کا پہلا اجماع ہوا اور جھوٹے مدعی نبوت مسیلمہ کذاب اور اس کے پیروکاروں کو کیفر کردار تک پہنچایا گیا اس جہاد میں بارہ سو صحابہ کرام اور تابعین (رضی اللہ تعالیٰ عنہم) جن میں سے سات سو حفاظ قرآن علماء اور ستر بدری صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے جام شہادت نوش کیا

عالمِ ارواح، عالمِ دنیا، عالمِ برزخ اور عالمِ آخرت محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کی ختم نبوت سے مہک رہا ہے

دنیا میں ایمان اور سرفرازی بھی آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی ختم نبوت سے ہے

قبر میں بھی مومن کہے گا **نَبِیِّ مُحَمَّدٌ** صلی اللہ علیہ وسلم (الحدیث)

حشر میں بھی لوگ آقا صلی اللہ علیہ وسلم سے شفاعت کی درخواست پیش کرتے ہوئے کہیں گے

**یَامُحَمَّدُ اَنْتَ رَسُوْلُ اللّٰہِ وَ خَاتَمُ الْاَنْبِیَاءِ** (الحدیث) اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم! آپ اللہ کے رسول اور آخری نبی ہیں

شافعِ محشر ساقیِ کوثر نبیِ اقدس حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کے بعد جو بھی دعویٔ نبوت کرے چاہے وہ یمن کا اسود عنسی، یمامہ کا مسیلمہ کذّاب، ایران کا بہاء اللہ یا قادیان کا مرزا غلام قادیانی ہو ہر دعوی نبوت کرنے والا کذّاب، دجال اور دائرۂ اسلام سے خارج ہے

بسم الله الرحمن الرحیم

از روئے شریعت مطہرہ عام غیر مسلم مثلاً عیسائی' یہودی' سکھ' ہندو اور قادیانی (لاہوری رمرزائی) میں فرق ہے۔قادیانیوں کے علاوہ دیگر تمام غیر مسلم گروہ اور قومیں اسلام کا دعوی نہیں رکھتیں۔جبکہ قادیانی اپنے دجل اور زندقہ کی بنیاد پر جملہ امت مسلمہ کو کافر سمجھتے ہیں اور شریعت اسلامیہ کو کفر جانتے ہیں اور اپنے کفر پہ اسلام کا لبادہ ڈالتے ہوئے ساری دنیا میں صرف جھوٹے مدعی نبوت مرزا غلام قادیانی ملعون کے پیروکاروں کو ہی مسلمان سمجھتے ہیں۔

اگرچہ دیگر غیر مسلموں سے بوقت اشد ضرورت دنیاوی معاملات کرنے میں کوئی حرج نہیں' لیکن قادیانی کافر محارب' مرتد اور زندیق ہیں،اس لئے قادیانیوں کے ساتھ میل جول' خاندانی واخلاقی روابط' شادی بیاہ' شادی غمی میں شرکت' مبارک باد وتعزیت' کھانے پینے میں شرکت' ان کی محافل میں شرکت' انہیں اپنی محافل میں شریک کرنا' ان کے ہاں ملازمت کرنا انہیں اپنے ہاں ملازم رکھنا ان سے تجارتی لین دین' قادیانی مصنوعات کا خریدنا،فروخت کرنا اور استعمال کرنا قادیانیوں سے علاج معالجہ سب شرعاً حرام ہیں۔

علاوہ ازیں قادیانی اپنی آمدنی کا دسواں حصہ (بذریعہ مرکزی فنڈ جماعت قادیانیہ) لوگوں کو قادیانی بنانے میں خرچ کرتے ہیں، گویا اس صورت میں مسلمان بھی سادہ لوح مسلمانوں کو مرتد بنانے میں ان کی مدد کر رہے ہیں۔

**لہٰذا** مسلمانوں پر واجب ہے کہ کوئی ایسا تعلق یا رابطہ جس سے قادیانیوں کی عزت واحترام کا پہلو نکلتا ہو یا ان کو سماجی اور معاشی قوت وآسائش حاصل ہوتی ہو ہرگز نہ رکھیں۔

کفار محاربین، مرتدین اور اعداء اسلام سے ترک موالات کے بارے میں قرآن حکیم کی بے شمار آیات اور احادیث نبویہ اور فقہ اسلامی کی تصریحات موجود ہیں۔

☆ لَا تَجِدُ قَوْماً یُؤْمِنُونَ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْآخِرِ یُوَادُّونَ مَنْ حَادَّ اللّٰہَ وَرَسُولَہُ وَلَوْ کَانُوا آبَاءَ ھُمْ أَوْ أَبْنَاءَ ھُمْ أَوْ إِخْوَانَہُمْ أَوْ عَشِیْرَتَہُمْ ......الآیۃ

☆ یَا أَیُّہَا الَّذِیْنَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا الَّذِیْنَ اتَّخَذُوا دِیْنَکُمْ ھُزُواً وَلَعِباً......الایۃ

☆ یَا أَیُّہَا الَّذِیْنَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا الْکَافِرِیْنَ أَوْلِیَاءَ مِن دُوْنِ الْمُؤْمِنِیْنَ أَتُرِیْدُوْنَ أَن تَجْعَلُوا لِلّٰہِ عَلَیْکُمْ سُلْطَاناً مُّبِیْناً......الآیۃ

☆ یَا أَیُّہَا الَّذِیْنَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا عَدُوِّیْ وَعَدُوَّکُمْ أَوْلِیَاءَ......الآیۃ

﴿برائے تفصیلات ملاحظہ ہو فتاوی ختم نبوت ج ۱/۲/۳﴾

فقط

محمد شہاب الدین پوپلزئی

# فرماگئے یہ ہادی ﷺ لانبی بعدی

# عشقِ رسول ﷺ اور ایمانی تقاضا معاشرتی اور معاشی بائیکاٹ

## عالم اسلام کے تمام مکاتب فکر کے

## علماء کرام ومفتیان عظام اور دینی اداروں کا متفقہ فیصلہ ہے کہ

☆ مرزا قادیانی اور اس کے تمام ماننے والے کافر مرتد، زندیق اور خارج از اسلام ہیں ☆ مسلمانوں کو قادیانیوں سے رشتہ ناطہ میل جول، دوستی اور تعلقات رکھنا ناجائز اور حرام ہے

☆ مرزائیوں کا ذبیحہ حلال نہیں بلکہ مردار اور نجس ہے ☆ مرزائیوں کی عبادت گاہ کو مسجد کہنا درست نہیں ☆ قادیانیوں کی نماز جنازہ پڑھنا اور ان کو اہل اسلام کے قبرستان میں دفن کرنا جائز نہیں

## قادیانی مصنوعات

★ شیزان جوس، کیچپ، اچار، چٹنی، ثمر قند شربت وغیرہ اور شیزان کی تمام مصنوعات

★ "پران کمپنی" کی تمام مصنوعات جن میں بسکٹ، ٹافیاں، کولڈ رنکس، آئل اور دیگر اشیاء خورد ونوش شامل ہیں

★ شیزان ریسٹورنٹ اینڈ بیکرز
★ بوبی شوز لاہور
★ ولٹیکس (Voltax) اسٹیبلائزر
★ یونیورسل سٹیبلائزر
★ الرحیم جیولرز کراچی
★ Nets کالج
★ رومی ٹریولز
★ سپیڈ انرجی ڈرنک
★ All Pure جوسز
★ Twist جوسز
★ میگنا (Megna) ٹیکسٹائل انڈسٹریز لمیٹڈ (میگنا گروپ فیصل آباد)

★ MTA کے تمام چینلز
★ شاہنواز ٹیکسٹائل ملز
★ کمبائنڈ ٹیکسٹائل
★ ماسٹر ٹیکسٹائل ملز
★ شاہ تاج شوگر ملز
★ رحمان کون مہندی
★ سنگم دودھ
★ کلفٹن شوز
★ ماسٹر بلیڈ
★ راجہ سوپ

★ کنگ بناسپتی / کوکنگ آئل (پنجاب آئل ملز)
★ مشموم کمپنی کی تمام مصنوعات
★ پرل بناسپتی
★ کین آلیو (Can-Olive) آئل
★ ذائقہ گھی، ذائقہ کوکنگ آئل
★ پنجاب آئل ملز کی تمام مصنوعات
★ ایلاسن فلاور (Ella Sun Flower) بناسپتی / آئل
★ تھرمو پلاسٹک
★ ٹربو پلاسٹک
★ زاہد پیکجز ← کارٹن بنانے کی کمپنیاں
★ ناصر پیکجز ←
★ بیٹا پائپ BETA PIPES

BETA PIPES

## قادیانی ادویات

☞ کیوریٹو (Curative) ہومیو کمپنی
☞ Lexo ہومیو کمپنی
☞ F.B ہومیو کمپنی
☞ وارسن (Warson) ہومیو کمپنی
☞ خورشید یونانی دواخانہ
☞ مطب حمید دواخانہ
☞ قاضی دواخانہ گوجرانوالہ
☞ ڈاکٹر منصور پولی کلینک پشاور (المعروف بازید خیلی ڈاکٹر)

**اے مسلمان! مرزائیوں کی مصنوعات خرید کر اپنے نبی ﷺ کے خلاف چندہ نہ دے**

آپ کو مارکیٹ میں ان تمام برانڈز کے متبادل بہت ساری کمپنیوں کی اشیاء باآسانی مل جائیں گی لہٰذا اُن کا استعمال کریں

# عالمی مجلس تحفظ ختم نبوۃ


مرکزی دفتر حضوری باغ روڈ ملتان 061-4583486 061-4783486

صوبائی رابطہ دفتر خیبر پختون خوا مسجد قاسم علی خان پشاور 0333-9347034 0336-5574009

# www.amtkn.com

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوۃ

Aalmi Majlis Tahaffuz Khatm-e-Nubuwwat




| kn apps<br>ختم نبوت ایپ | www.khatm-e-nubuwwat.com<br>مرکزی ویب سائٹ | www.khatm-e-nubuwwat.info<br>ہفت روزہ ختم نبوت | www.laulak.info<br>ماہنامہ لولاک | facebook.com/amtkn313<br>فیس بک |
|---|---|---|---|---|
| kk Course<br>خط وکتابت کورس | Online Course<br>خط وکتابت۔آن لائن کورس | E-Maktaba<br>ای مکتبہ | Sitemap<br>سائٹ میپ | Contact us<br>رابطہ |

/amtkn313 www.emaktaba.info
WWW.AMTKN.COM
ameer@khatm-e-nubuwwat.com

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوۃ